Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سلسلہ مطبوعات دارالکتب سلیمانی

ख़वासे लीमूं

خواص لیموں

مصنّفہ

حکیم مولوی محمد عبداللہ صاحب مشہور مصنّف صوبہ پنجاب

दारुल कुतुब सुलेमानी रोड़ी हिसार

30
325

ملنے کا پتہ منیجر دارالکتب سلیمانی روڑی ضلع حصار پنجاب

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم

سلسلہ مطبوعات دار الکتب سلیمانی قصبہ روڑی ضلع حصار

ہر گھر میں موجود ہونے کے لائق کتاب جس میں مشہور و معروف پھل لیموں کے ذریعہ بیشمار جسمانی امراض کا علاج نہایت آسانی سے کرنا بتلایا گیا ہے نسخہ جات بھی فوری اثر ہیں۔ جو کہ وقت پر نشانہ پر تیر کی طرح لگتے ہیں نیز اس سے ہونے والے کشتہ جات کی بے شمار ترکیبیں بیان کی گئی ہیں۔ بغور ملاحظہ فرمائیں!!

خواصِ لیموں

مؤلفہ

عالیجناب حکیم و حاجی مولوی محمد عبد اللہ صاحب مصنف خواص بادام، خواص انار، خواص آم، خواص پیاز، خواص لہسن، خواص مرچ، خواص ہلدی، خواص مولی، خواص گاجر، خواص شہد، خواص دودھ، خواص پانی، خواص تربوز، کنز المجربات، کنز المفردات وغیرہ

ساکن روڑی ضلع حصار،

ملنے کا پتہ

ناظم دار الکتب سلیمانی رجسٹرڈ روڑی ضلع حصار پنجاب

بار دوم

تعداد ۱۰۰۰

قیمت ۹ آنہ

دوسری بار ثنائی برقی پریس ہال بازار امرتسر میں باہتمام ابو رضا عطاء الحسینی پرنٹر چھپا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فہرست مضامین رسالہ خواص لیموں

مضمون	صفحہ
دیباچہ	۴
لیموں کی ماہیت و نام و اقسام	۵
سر کی بیماریاں - درد سر..	۶
نزلہ - زکام - مالیخولیا - جنون.........	۷
گنج - سر کی خشکی صفحہ ۸ - چکر آنا - جوئیں پڑنا...	۹
آنکھوں کی بیماریاں	۱۰
آنکھیں دکھنا - رمد چشم - مسیحائی اکسیر سیاہ لیپ	۱۱
لاجواب اکسیر چشم صفحہ ۱۲ - اکسیر بھولا دجالا....	۱۳
شب کوری - موتیابند صفحہ ۱۵ - طلسماتی مکھن....	۱۶
اکسیرات چشم، ماہیر کابل، سرمہ تریاق چشم۔	۱۷
مسیحائی اکسیر صفحہ ۱۹ - سنیاسی اکسیر.....	۲۱
ناک و کان کی بیماریاں - نکسیر.....	۲۱
کان درد - کان درد کو بند کرنے کی فوری اثر دوا...	۲۲
منہ و زبان کی بیماریاں - منہ کے چھالے...	۲۳
ہکلاپن - منہ کی بدبو وغیرہ.........	۲۴
دانتوں کی بیماریاں	۲۵
گلے کی بیماریاں	۲۶
سینہ اور پھیپھڑہ کی بیماریاں	۲۷
جگر کی بیماریاں	۲۸
دل کی بیماریاں - مفرح شربت...	۲۹
شربت لیموں - پیاس کی زیادتی.....	۳۰
تلی کی بیماریاں	۳۱
معدہ کی بیماریاں	۳۲
سفوف ہاضم - طلسماتی کراماتی سیاہ مرچیں	۳۵
آنتوں کی بیماریاں	۳۶
مثانہ کی بیماریاں	۳۷
چند مقوی باہ نسخے	۳۸
عجیب تحفہ	۴۰
بخاروں کا علاج	۴۱
جلد کی بیماریاں.......	۴۵
زہریلے جانوروں کے ڈنک کا علاج	۴۸
کشتہ جات صفحہ ۴۱	۵۰
کشتہ سونا صفحہ ۵۱ - جوہر طلا صفحہ ۵۲ - کشتہ چاندی وغیرہ	۵۴
تین لاثانی تحائف	۶۲

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

دیباچہ

انسان کا انسان ہونا ہی اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اُسکو خالق کریم نے اپنے فضل و کرم سے دیگر تمام مخلوقات سے چن کر اشرف المخلوقات بنایا ہی اس غرض سے ہی کہ اس پر اپنے انعام و اکرام کا دروازہ کھول دے۔ اسے اُن اسراروں سے واقف کرے جن سے بے حقیقت چیونٹی سے لگا کر فیل ایسے عظیم الجثہ و جنگل کے تمام درند و چرند پہ سلطانی کرنیوالے شیر ایسے زبردست حیوانات تک کو بالکل محروم رکھا ہے۔ انسان کو بیبہا نعمت عطا فرما کر گویا کوئی ایسی نعمت باقی نہیں رکھی جس کی حضرت انسان کو ضرورت ہو اور وہ نہ ملے۔

جوہر علم و عقل ایک ایسا بے بہا خزانہ ہی کہ جس کے ذریعہ انسان اپنی ہر ضرورت پوری کر لیتا ہی۔ یہ وہ عمر عیار کی زنبیل ہی کہ جسمیں سے ہر ایک ضرورت کی شے مہیا کیجا سکتی ہے۔

محض ضرورت اس بات کی ہی کہ اپنے ماحول میں علم کی روشنی ڈال کر نظر دوڑائی جائے۔ نظر کے اُٹھتے ہی ہر وہ چیز جس کو ہم نکمی یا قدرے کام کی خیال کرتے ہیں بزبانِ حال پکار پکار کر کہتی ہوئی نظر آئے گی ؎

کوئی بھی شئے حقیقت میں نکمی ہو نہیں سکتی
یہ سب کچھ حضرت انسان کی خاطر بنائی ہیں!

چنانچہ بعض چیزیں جنکو ہم فواکہات (میوہ) کے نام سے موسوم کرتے ہیں جن کو ہم محض چرب زبانی کی خاطر استعمال کرتے ہیں۔ عام لوگ ان کے اُن اثرات سے بے خبر ہیں جن کی وجہ سے یہی عام میوے مثلاً انار، بادام، لیموں، سنترہ وغیرہ بڑی بڑی بیماریوں کے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دُور کرنے کیلئے ایک جید الاثر دوا کا کام دیتے ہیں *

چنانچہ اسی موضوع پر قبل ازیں خادم راقم الحروف متعدد رسائل سپرد قلم کر چکا ہے۔ جو کہ بفضلہ تعالیٰ ایک نئی اور عجیب چیز ہونے کی وجہ سے اطراف و اکناف عالم میں پہنچ چکے ہیں۔ جس سے جہاں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ بوقت ضرورت انسان بد دماغ وئیدوں اور حکیموں کی خوشامد سے بچ سکتا ہے وہاں دقیانوسی زمانہ سے رکھی ہوئی پرانی اور بے اثر ادویات (جو پنساریوں کی دکانوں میں بھری پڑی ہیں) سے بھی بے نیاز ہو جاتا ہے۔ کیونکہ یہ وہ چیزیں ہیں جو تقریباً ہر جگہ عام مل سکتی ہیں۔ آج اس سلسلہ کی سنہری کڑی رسالہ موسومہ "خواص لیموں" کو پیش کیا جا رہا ہے جس میں ہندوستان کے مشہور و معروف پھل لیموں کے بالوضاحت خوص بیان کئے گئے ہیں مجھے ان خواصوں کا علم بذریعہ وحی نہیں ہوا نیز میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ میرے سوا کسی کو ان چیزوں کا علم نہیں۔ ہاں البتہ یہ بات بلا خوف تردید کہہ سکتا ہوں کہ میں نے ان خواصوں کو بیحد محنت و کاوش سے حاصل کیا ہے — طب کی ہزارہا کتب و رسائل کا مطالعہ۔ قلمی بیاضوں کی ورق گردانی۔ صدہا حکمائے سے تبادلہ خیالات۔ سفر کی صعوبات و شدائد یہ سب ایسی مشکلیں ہیں جنکو کچھ میرا دل ہی جانتا ہے اگر بنظر غور دیکھیں تو آپکو پتہ چلے کہ ایک ایک رسالہ پر جسقدر محنت اور خرچ آیا ہے اُسکو دیکھتے ہوئے اس کی قیمت سو روپیہ بھی کم تھی مگر ہم نے تو حالات وقت کا خیال کر کے صرف چند آنے ہی مقرر کئے ہیں۔ تاکہ ہر امیر و غریب ان سے بیش از بیش فوائد حاصل کر سکے * آمین ثم آمین

رسالہ **خواص لیموں** بفضلہ طبی دنیا میں ایک بالکل نئی اور انوکھی چیز ہے۔ جس میں جہاں بہت سی بیماریوں کو دُور کرنے کے چٹکلے لکھے گئے ہیں وہاں کشتہ جات کے شائقین حضرات کیلئے بھی مصالحہ جمع کر دیا ہے *

والسلام مع الاکرام

الراقم خاکسار محمد عبد اللہ عفی عنہ
(روڑی ضلع حصار)

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

لیموں کی ماہیت و طبیعت اقسام و نام

نام۔ عربی لیموں۔ تامص۔ فارسی۔ لیموں۔ انگریزی لیمنس۔ لاطینی لیمونیم ایسڈم۔ لیمونیم کورٹکس۔ گجراتی کاگدی ہبو۔ بنگالی کاگجی نیبو۔ سنسکرت نیبوک +

ماہیت۔ یہ ایک مشہور پھل ہے۔ جس کی کئی قسمیں پائی جاتی ہیں۔ بہتر وہ ہوتا ہے جس کا رس زیادہ رقیق (پتلا) اور اس کا چھلکا زیادہ باریک ہو۔ اس لیموں کو کاغذی لیموں کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ کچا لیموں سبز اور پختہ ہو کر زرد ہو جاتا ہے +

طبیعت۔ چھلکا گرم دوسرے درجہ میں اور خشک بھی دوسرے درجہ میں۔ رس اگر چھلکے سمیت نچوڑا جائے تو دوسرے درجہ میں سرد خشک اور چھیل کر نچوڑا جائے تو تیسرے درجہ میں + بیج دوسرے درجہ میں گرم۔ اور سرد پہلے درجہ میں پتے پہلے درجہ میں گرم و خشک۔ واللہ اعلم۔

چھلکا ـــ ڈاکٹری میں بڑی کارآمد شئے متصور ہوتا ہے۔ نیز اس کے تازہ چھلکے سے ہی اس کا تیل نکالا جاتا ہے۔ اور اس کو اول درجہ کا مقوی معدہ مانا جاتا ہے +

رس لیموں۔ سب سے کارآمد شئے ہے۔ تقریباً تمام رسالہ میں رس لیموں کا زیادہ ذکر آئے گا۔

رس لیموں کو محفوظ رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ رس لیموں نکال کر بوتل میں ڈالیں اور اس پر قدرے روغن بادام ڈال کر کارک لگا کر رکھ چھوڑیں۔ اس طریقہ سے لیموں کا رس کبھی خراب نہیں ہوتا جب کبھی ضرورت ہو پہلے روغن علیحدہ کر دیں پھر کام میں لائیں۔ جب استعمال کر چکیں تو پھر اوپر روغن بادام ڈال کر بند کر کے رکھ دیں +

رس لیموں کو خوش ذائقہ بنانا۔ جن اصحاب کو ترشی مرغوب نہ ہو ان کو چاہیے کہ اس میں قدرے کوئی کھاری چیز مثلاً جوکھار، نوشادر، سوڈا، شورہ وغیرہ ملا لیں۔ اس کے ملتے ہی جوش سا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پیدا ہوگا اور پھر بیٹھ جائے گا۔ یہ ایک مزے دار چیز بن جائے گی۔

رس لیموں کا قائم مقام۔ ست لیموں ایک ماشہ۔ اڑھائی تولہ پانی میں حل کرنے سے رس لیموں کے قائم مقام ہو جاتا ہے۔

محمد عبداللہ عفی عنہ

سر کی بیماریاں

سر کی بے شمار بیماریوں میں سے یہاں اُن بیماریوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کے لئے لیموں ایک تریاق صفت دوا کا کام دیتا ہے۔ باقی امراض کے ذکر کی نہ تو ضرورت ہے اور نہ ہی اس مختصر کتاب میں گنجائش ہے۔

سر درد سر درد کی قسمیں یونانی حکیموں نے اس قدر بیان کی ہیں کہ اس نفاست و اختصار پسند زمانہ میں لوگوں کو یک نظر پڑھنے سے خود درد سر کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔ ذیل میں اُس درد سر کے لئے چند نسخے عرض کئے جاتے ہیں جو گرمی کی وجہ سے لاحق ہو۔

(۱) درد شکن ٹکور ھوالشافی:۔ لیموں کو چاقو سے دو ٹکڑے کر کے ان کو باری باری سے آگ پر سینکتے اور پیشانی پر ٹکور کرتے جائیں۔ لیکن یہ عمل ایسی جگہ کریں جہاں ہوا نہ لگے۔ بفضلہٖ اسی دم درد بند ہوگا۔

(۲) درد سر کیلئے چائے ھوالشافی:۔ چائے سیاہ رنگ کی لے کر پکائیں۔ اور اس میں دودھ ملانے کی بجائے عرق لیموں سالم ملا کر مریض کو گرم گرم پلا دیں۔ انشاء اللہ اسی دم آرام ہوگا۔

(۳) سر درد کیلئے لیپ ھوالشافی:۔ لیموں کا چھلکا جس کو لوگ ردی شئے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سمجھ کر پھینک دیتے ہیں) لے کر کھرل میں ڈال کر نہایت باریک پیسیں اور ضماد تیار ہونے پر پیشانی پر لیپ کر دیں +

فوائد:- اس سے گرمی کی وجہ سے ہونے والا درد سر دور ہو جاتا ہے۔ نیز درد شقیقہ یعنی آدھا سیسی کے لئے نہایت مفید لیپ ہے +

نزلہ و زکام

نزلہ و زکام ہر دو بڑی سخت بیماریاں ہیں جن سے بڑی بڑی اور مہلک سینکڑوں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لئے ان کے علاج میں ہرگز ہرگز سستی نہ کرنی چاہیئے +

زکام کی دوائی

ھوالشافی:- لیموں کو بھگوئے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر اوپر سے چکنی مٹی کا لیپ کر دیں اور بدستور معروف بھوبھل میں دبا دیں تاکہ اس کا بھرتہ سا ہو جائے۔ پھر گرم گرم کو نکال کر دبائیں اور اس کا پانی نکال لیں اور اسی طرح گرما گرم سب کا سب ہی پلا دیں بفضلہ فوراً آرام ہوگا +

فوائد:- اس دوا کے استعمال سے بفضلہ ایک ہی دن میں گرتا ہوا نزلہ اور زکام بند ہو جاتا ہے۔

نوٹ:- اگر اس میں مناسب مقدار میں شہد خالص بھی ملا لیا جائے تو بہتر ہے۔

(از جناب برادرم مولوی عبد المالک صاحب نبیرہ مولوی غلام رسول صاحب)

زکام کیلئے آسان چٹکلہ

ھوالشافی:- لیموں کو چیر کر مریض نزلہ و زکام کو سونگھانا نہایت مفید ہے۔

مالیخولیا و جنون

یہی نہیں کہ لیموں کا رس ہی کام کی چیز ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ہر جزو و حصہ کو جدا جدا فوائد کا سرمایہ دار بنایا ہے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پیدا ہوگا اور پھر بیٹھ جائے گا۔ یہ ایک مزے دار چیز بن جائے گی +

رس لیموں کا قائم مقام۔ ست لیموں ایک ماشہ۔ اڑھائی تولہ پانی میں حل کرنے سے رس لیموں کے قائم مقام ہو جاتا ہے +

محمد عبداللہ عفی عنہ

سر کی بیماریاں

سر کی بے شمار بیماریوں میں سے یہاں اُن بیماریوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کے لئے لیموں ایک تریاق صفت دوا کا کام دیتا ہے۔ باقی امراض کے ذکر کی نہ تو ضرورت ہے اور نہ ہی اس مختصر کتاب میں گنجائش ہے +

سر درد سر درد کی قسمیں یونانی حکیموں نے اس قدر بیان کی ہیں کہ اس نفاست و اختصار پسند زمانہ میں لوگوں کو یک نظر پڑھنے سے خود درد سر کی شکایت لاحق ہو جاتی ہے۔ ذیل میں اُس درد سر کے لئے چند نسخے عرض کئے جاتے ہیں جو گرمی کی وجہ سے لاحق ہو

۱۔ درد شکن ٹکور ھوالشافی:۔ لیموں کو چاقو سے دو ٹکڑے کر کے ان کو باری باری سے آگ پر سینکتے اور پیشانی پر ٹکور کرتے جائیں۔ لیکن یہ عمل ایسی جگہ کریں جہاں ہوا نہ لگے۔ بفضلہٖ اسی دم درد بند ہوگا +

۲۔ درد سر کیلئے چائے ھوالشافی:۔ چائے سیاہ رنگ کی لے کر پکائیں۔ اور اس میں دودھ ملانے کی بجائے عرق لیموں سالم ملا کر مریض کو گرم گرم پلا دیں۔ انشاءاللہ اسی دم آرام ہوگا +

۳۔ سر درد کیلئے لیپ ھوالشافی:۔ لیموں کا چھلکا جس کو لوگ ردی شئے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سمجھ کر پھینک دیتے ہیں) لے کر کھرل میں ڈال کر نہایت باریک پیسیں اور ضماد تیار ہونے پر پیشانی پر لیپ کر دیں +

فوائد :- اس سے گرمی کی وجہ سے ہونے والا درد سر دور ہو جاتا ہے۔ نیز درد شقیقہ یعنی آدھاسیسی کے لئے نہایت مفید لیپ ہے +

نزلہ و زکام

نزلہ و زکام ہر دو بڑی سخت بیماریاں ہیں جن سے بڑی بڑی اور مہلک سینکڑوں بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ اس لیئے ان کے علاج میں ہرگز ہرگز سستی نہ کرنی چاہیئے +

زکام کی دوائی

ھوالشافی :- لیموں کو بھگوئے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر اوپر سے چکنی مٹی کا لیپ کر دیں اور بدستور معروف بھوبھل میں دبا دیں تاکہ اس کا بھرتہ سا ہو جائے۔ پھر گرم گرم کو نکال کر دبائیں اور اس کا پانی نکال لیں اور اسی طرح گرما گرم سب کا سب ہی پلا دیں بفضلہ فوراً آرام ہو گا +

فوائد :- اس دوا کے استعمال سے بفضلہ ایک ہی دن میں گرتا ہوا نزلہ اور زکام بند ہو جاتا ہے۔

نوٹ :- اگر اس میں مناسب مقدار میں شہد خالص بھی ملا لیا جائے تو بہتر ہے۔

(از جناب برادرم مولوی عبدالمالک صاحب نبیرہ مولوی غلام رسول صاحب)

زکام کیلئے آسان چٹکلہ

ھوالشافی :- لیموں کو چیر کر مریض نزلہ و زکام کو سونگھانا نہایت مفید ہے۔

مالیخولیا و جنون

یہی نہیں کہ لیموں کا رس ہی کام کی چیز ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے ہر جزو و حصہ کو جدا جدا فوائد کا سرمایہ دار بنایا ہے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چنانچہ رس لیموں، ست لیموں، تخم لیموں اور قشر (چھلکا) تک اپنے اندر بے شمار فوائد رکھتے ہیں۔ لہٰذا ہم یہاں جس نسخہ کو بیان کرنے لگے ہیں وہ بھی اس کے پھل کے چھلکے ہی سے تعلق رکھتا ہے:۔

ھوالشافی:۔ لیموں کا چھلکا سایہ میں خشک کیا ہوا چھ ماشہ۔ رات بھر آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں اور پھر اس میں مصری حسب ضرورت ملا کر پلایا کریں۔

فوائد:۔ نہ صرف مالیخولیا و جنون ہی کو مفید ہے۔ بلکہ اس سے بفضلہ خفقان اور بے دماغی کو بھی آرام ہو جاتا ہے۔ لگاتار کئی روز تک استعمال کرنا چاہئیے۔

گنج

اس مرض کی وجہ سے سر کے بال اڑ جاتے ہیں اور پھر دوبارہ پیدا نہیں ہوتے۔ اس لئے اس مرض کے مریض کا سر بہت بدنما معلوم ہونے لگتا ہے۔ علاوہ ازیں لوگوں کی زبان زد باتوں کی رُو سے گنجا شخص شرارت کا پتلا اور بدکرداریوں کا منبع خیال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ مشہور ضرب المثل (کہاوت) ہے

سو پر پھول سہنس پر کانا | اس کے اوپر اینچا تانا
جو ہوں اینچے تانے بیس | نہ کریں گنجے کی ریس

لہٰذا ہم ذیل میں اس مرض سے نجات حاصل کرنے کا ایک بالکل آسان نسخہ عرض کرتے ہیں

ھوالشافی:۔ تخم لیموں حسب ضرورت لے کر پانی میں پیس کر روزانہ لیپ کرائیں آرام ہوگا

سر کی خشکی

سر کی خشکی جب بڑھ جاتی ہے تو سر میں سے بھوسی بن کر نکلنے لگتی ہے۔ اس کو دور کرنے کے لئے بھی عرق لیموں ایک اکسیری چیز ہے۔

ترکیب یہ ہے۔ کہ لیموں کو نچوڑ کر اس کا رس نکالیں اور اس کو گرم پانی میں ملا کر سر میں ڈال کر سر کو اچھی طرح ملیں۔ اس سے میل کٹ جائیگی و بال نرم ہو جائینگے اور سر کی خشکی رفع ہو گی۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چکّر آنا

جس شخص کو ذرا دیر بیٹھ کر اُٹھتے ہوئے یا چلتے پھرتے چکر آجاتا ہو اُس کے لئے چاہیئے کہ صبح کیوقت ایک لیموں پانی میں نچوڑ کر اور اس میں مصری ملا کر پیا کرے۔ چند یوم کا استعمال مفید ہوگا!+

فوائد:- اس سے وہ بخارات جو چکر آنے کا سبب بنتے ہیں بند ہو کر آرام ہوگا+

جوئیں پڑنا

جوئیں پڑنا بھی ایک مرض ہے۔ جس کی وجہ غالباً میلا کچیلا رہنا ہے۔ جب انسان کسی اعلیٰ سوسائٹی (مجلس) میں بیٹھا ہوا ہو۔ اور بدقسمتی سے اس وقت کسی کے بدن یا کپڑے پر کوئی جوں پھرتی نظر آجائے تو اس کو بیحد خفت سی ہوتی ہے۔ اس لئے ہم ایک ایسا نسخہ بیان کرتے ہیں کہ جس سے نہ صرف یہ کہ جوئیں ایک مرتبہ مرجاتی ہیں بلکہ اُسکے بعد بھی مدت تک ان کی پیدائش بند ہو جاتی ہے ہوالشافی:- وہ لیموں جس کے تخم اور چھلکے دُور نہ کئے گئے ہوں بلکہ سالم کا سالم ہی لے کر کوٹیں اور پانی نچوڑ کر اس میں پارہ اندازاً چھ ماشہ ملا کر کھرل میں ڈال کر کھرل کریں۔ جب پارہ حل ہو جائے تو اس کو سر پر لگائیں ـــــــ نیز کسی ڈورے وغیرہ کو تر کر کے بدن میں کہیں باندھ لیں۔ اس کی بُو سے ہی جوئیں ہلاک ہو جائیں گی۔ اور مدت تک پیدا بھی نہ ہونگی+

آنکھوں کی بیماریاں

آنکھ خداوند کریم کی عطا فرمودہ بے بہا نعمت ہے۔ جس سے محروم ہو جانے کی صورت میں انسان دنیا کے دلفریب و روح نواز نظاروں سے محروم ہو جاتا ہی

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اندھے انسان کی زندگی دراصل زندگی نہیں ہوتی۔ وہ زندہ درگور ہوتا ہے۔ صرف انسان کا ہی ذکر نہیں بلکہ ہر حیوان چرند و پرند کا یہی حال ہے۔ چکور کا چاند کی طرف دیوانہ وار پرواز کرنا؛ بلبل کا پھول کو دیکھ کر گلستان کو نغمہ زار بنانا؛ اور پروانہ کا شمع پر جل مرنے کے لئے بیتاب رہنا اگر ان سب کو گہری نظر سے دیکھا جائے تو ان سب کی ہنگامہ خیزیوں اور ولولہ انگیزیوں میں نعمت بصارت ہی کام کرتی نظر آئے گی۔ اگر قدرت نے ان کو اس ایک نعمت سے نہ نوازا ہوتا تو آج گل پر بلبل کے چہچہے اور شمع پر پروانہ کی فداکاریاں دیکھنے میں اور قیس بن عامر المعروف مجنوں اور لیلائے نجد کے افسانے سننے میں نہ آتے۔

اگر ایک سچا و پکا مسلم اپنے گھر بار اور بیوی بچوں کو چھوڑ چھاڑ کر فریضہ حج ادا کرنے جاتا ہے اور وہاں جاکر بیت اللہ (خانہ کعبہ) شریف کی زیارت کرتا ہے تو اسی نعمت کی بدولت۔ اور مدینہ طیبہ میں جاکر مدنی پیارے نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کے روضہ اخضر کے جمال جہاں آرا سے مسرت اندوز ہوتا ہے تو فقط آنکھوں سے۔ علیٰ ہذا القیاس ہندو، سکھ، عیسائی حضرات بھی اپنے مذہبی مقدس اور پوتر استھانوں کے درشن انہیں آنکھوں سے ہی کرتے ہیں۔

اور پھر کمال یہ بھی ہے کہ بعض انسانوں کی آنکھوں میں نعمت بصارت کے ساتھ وہ جادو بھر دیا ہے۔ کہ خون کے پیاسے دشمن پر بھی اُن کا وار چل جاتا ہے۔ تو بس ایک ہی وار میں رام (فرمانبردار) کرکے پاؤں میں گرا لیتا ہے۔ غرضیکہ آنکھیں ایسی بے مثال و لاجواب نعمت ہیں کہ جن کا شکریہ ناشکرے انسان سے کسی طرح ادا نہیں ہو سکتا۔ جب کسی بدقسمت شخص کی آنکھیں ہی مبتلائے تکلیف ہو جائیں۔ تو اُسکی بدقسمتی کا کیا ٹھکانا ہے۔ ذیل میں ہم آنکھوں کی ان بیماریوں کا ذکر کریں گے۔ جن کے لئے لیموں نہ صرف مفید بلکہ اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ لیموں آنکھوں کی اکثر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بیماریوں کے لیئے بالخصوص تریاق اعظم ہے +

آنکھیں دُکھنا

یہ وہ بیماری ہے کہ جس کی تشریح کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔ کیونکہ اس کی عمومیت نے ملک کے بچہ بچہ کو خبردار کر دیا ہوا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہو کہ اس مرض کے ایسے متعدد نسخے پیش کیے جائیں جو کہ زود اثر ہونے کے علاوہ ایسے اجزاء سے تیار ہوتے ہوں جن کا ملنا مشکل نہ ہو۔ چنانچہ ہم نے اپنی دیگر تصنیفات میں ایسے بہت سے نسخہ جات درج کیئے ہیں۔ لیکن اب یہاں وہ نسخہ جات تحریر کیئے جاتے ہیں جو لیموں سے ہی تیار ہوتے ہیں۔

سرمہ برائے رمد چشم ۱۱

ھو الشافی:- چاکسو ایک تولہ کو کانسی کے برتن میں ڈال کر جست کے ڈنڈے سے کھرل کریں اور اس میں لیموں کا پانی ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں یہانتک کہ سات عدد لیموؤں کا پانی بذریعہ کھرل جذب ہو جائے۔ اب اس کو کپڑے میں سے چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال:- رات کے وقت تین تین سلائی اللہ کا نام لے کر آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد:- اس سے بفضلہ آنکھوں کا دکھنا دور۔ نیز کرہ چشم کیلئے نہایت مفید دوا ہے۔

مسیحائی اکسیر ۱۲

یہ دوا نہ صرف رمد چشم بلکہ دیگر آنکھوں کی بیماریوں کے لئے بھی مانی اکسیر ہے۔ جس شخص کے پاس یہ دوا ہو گی بفضلہ وہ علاقہ بھر میں آنکھوں کا معالج مشہور ہو جائے گا۔ نسخہ کے لئے ملاحظہ ہو عنوان کشتہ جات کے ماتحت "ترکیب کشتہ جست" صفحہ ۹۶ +

سیاہ لیپ ۱۳

ھو الشافی:- لوہے کی کھرل میں صرف لیموں کا رس ہی ڈال کر لوہے کے دستے سے کھرل کرتے رہیں۔ جب کھرل کرتے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کرتے گاڑھی سی دوا تیار ہو جائے تو رکھ چھوڑیں اور بوقت ضرورت دکھتی ہوئی آنکھ پر اس کا لیپ کر دیں۔

فوائد:۔ اس سے بفضلہٖ آنکھوں کی جلن، درد اور سُرخی دُور ہو جاتی ہے۔

نوٹ:۔ اگر یہ دوا سلائی سے ذرا ذراسی مقدار میں آنکھ کے اندر بھی ڈال دی جائے تو بھی کوئی حرج نہیں بلکہ زیادہ مفید ہے۔

لاجواب اکسیر چشم ۱۴

جو صحیح معنوں میں لاثانی، لاجواب، زود اثر اور ہتھیلی پر سرسوں جما دینے والی اکسیری دوا ہے

ھوالشافی:۔ افیون مصفّٰی دیکائی ہوئی، رسونت مصفّٰی دیکائی ہوئی، رس لیموں

۱ تولہ ۵ تولہ ۷ عدد

کسی صاف کھرل میں ڈال کر کھرل کریں جب سخت گاڑھا ہو جائے تو نخودی گولیاں تیار کریں۔ بس لاجواب اکسیر چشم تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ آنکھیں دکھتی ہوں تو یہ دوا گلاب کے عرق میں گھس کر سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔ صرف دو تین بار کا استعمال ہی کافی ہے۔

فوائد:۔ چیختا چلاتا ہوا مریض منٹوں تندرست ہو جاتا ہے۔

نوٹ:۔ یہ لاجواب اکسیری دوا صرف آنکھوں ہی کیلئے مفید نہیں بلکہ تین اور زبردست امراض کا واحد علاج ہے جو درج ذیل ہیں۔

(۱) کثرتِ حیض:۔ جب خونِ حیض کثرت سے آتا ہو اور کسی طرح سے رُکتا نظر نہ آتا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہو تو اس دوا کی ایک ایک گولی تین تین چار چار گھنٹہ کے وقفہ سے چاولوں کے دھون یا رسونت کے پانی (رسونت چار رتی پانی دس تولہ میں ملالیں) سے دیں۔ چند ہی گولیوں سے خون رک جائیگا۔ مکمل اور مستقل فائدہ کیلئے بطریق معرف چند گولیاں اور استعمال کرائیں۔ لیکن دن میں صرف دو بار۔ صبح و شام۔

(۲) **اسقاطِ حمل**:۔ حمل گرتے وقت چند یوم پہلے عورت کو خون جاری ہو جاتا ہے اس وقت اس اکسیر صفت دوا کی چند گولیاں کھلائی جائیں تو خواہ کسی حد تک بھی خون خارج ہو چکا ہو فوراً بند ہو کر گرتا ہوا حمل رک جاتا ہے۔ حسب موقعہ پندرہ پندرہ منٹ یا گھنٹہ گھنٹہ۔ دو دو گھنٹہ بعد اگر موسم گرما ہو تو شربت صندل سے ورنہ چندن اولیہ یا چاولوں کے دھون سے اور اگر موسم سرما ہو تو تازہ پانی یا مناسب بدرقہ سے دیں۔

(۳) **پیچش اور دست**:۔ دستوں کیلئے خصوصاً جب کہ خون آتا ہو اور پیچش کے لئے جبکہ شدی نہ ہو۔ اگر پیچش شدی ہو تو پہلے ارنڈی کا تیل (کسٹرائل) دے کر شدہ دور کر لیا گیا ہو یہ گولیاں اکسیر بے نظیر ثابت ہوتی ہیں۔ بطریق مذکورہ بالا گھنٹہ گھنٹہ یا دو دو تین تین گھنٹہ بعد جیسا موقعہ ہو چاولوں کے دھون سے استعمال کرائیں۔

نوٹ:۔ چونکہ یہ عنوان "آنکھوں کی بیماریاں" کا ہے اس کے ماتحت اگر اس اکسیری دوا کو صرف آنکھ کے درد کیلئے ہی لکھا جاتا تو مناسب تھا۔ مگر ہم نے اس دوا کے تین نادر ترین فوائد کو ناظرین حضرات سے پوشیدہ رکھنا پسند نہ کیا۔ اسی لئے اس نسخہ کے ماتحت ہی ان امراض کو درج کرنا پڑا۔ والسّلام

اکسیر پھولا و جالا ۱۵ **ھو الشافی**:۔ لوہے کے کھرل میں سبز کانچ کی پورانی چوڑی دو تولہ ڈال کر کھرل کریں اور اس میں لیموں کا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

عرق ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ اکیس لیموؤں کا پانی بذریعہ سحق (رگڑائی) چوڑیوں میں جذب ہو جائے۔ بس اکسیری دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ رات کے وقت محض ایک ایک سلائی اللہ کا نام لے کر ڈالا کریں بفضلہٖ چند روز کے استعمال سے پھولا خواہ کتنا ہی بڑا اور پرانا کیوں نہ ہو شرطیہ کٹ جاتا ہے اور آنکھ بالکل صاف ہو جاتی ہے۔

نوٹ:۔ اس دوا کو جتنا بھی زیادہ باریک پیسا جائیگا اتنی ہی زیادہ مفید بنتی ہے۔ اور کم پیسنے پر مضر ثابت ہوتی ہے۔

پھولا کی شرطیہ دوا

ھوالشافی:۔ کوڑیاں خورد جن کا وزن ایک رتی سے کسی طرح زائد نہیں ہوتا۔ وہ کوڑیاں ایک تولہ لے کر چینی یا کانچ کے برتن میں ڈال کر ان پر رس لیموں اس قدر ڈالیں جو کہ کوڑیوں سے تین انگل اوپر تک آجائے۔ پھر اس پیالہ کو کپڑے وغیرہ سے ڈھک کر رکھ دیں تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے۔ جب رس خشک ہو چلے تو پھر اور ڈال دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ تر و خشک کریں۔ پھر ان کوڑیوں کو کھرل میں ڈال کر اس کے برابر مرغ کے انڈے کا چھلکا کشتہ شدہ ڈال کر (جس کی ترکیب کشتہ جات کے بیان میں درج ہے) عرق لیموں تھوڑا تھوڑا ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ اسی طرح سات دن تک کھرل کرتے رہیں۔ پھر خشک ہونے پر قدرے شہد خالص ملا کر چار گھنٹہ کھرل کر کے لمبی لمبی بتیاں بنا لیں۔ بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ بوقت ضرورت بتی کو پانی میں گھس کر رات کے وقت آنکھوں میں لگوا دیا کریں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فوائد :- مندرجہ ذیل دوا سے چند روز میں پورانے سے پورانا پھولا بفضلہ تعالیٰ کٹ جاتا ہے۔ بشرطیکہ چیچک یا چوٹ سے پڑا ہوا نہ ہو۔ علاوہ ازیں دھند، غبار، ککرے۔ سرخی، رتوندھی وغیرہ کو بھی بے حد مفید ہے +

جالے وپھولے کی اکسیر الاثر گولیاں ۱۷

ھوالشافی :- بارہ سنگا کے سینگ کا برادہ کر کے کھرل میں ڈالیں اور عرق لیموں ڈال ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ یہاں تک کہ بالکل باریک مثل سرمہ کے ہو جائے اس وقت گولیاں بنالیں۔ بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال :- بوقت حاجت پانی یا عرق گلاب میں گھس کر سلائی سے لگوادیں۔

فوائد :- اس دوا سے بفضلہ چند دنوں میں جالا، پھولا، دھند وغیرہ کو شرطیہ فائدہ ہو جاتا ہے- خواہ وہ کتنی ہی مدت سے کیوں نہ ہو- بڑی بے نظیر اکسیر دوا ہے +

شب کوری

یہ وہ نامراد بیماری ہے جس سے مریض دن کو تو بالکل تندرست رہتا ہے۔ لیکن رات کی تاریکی چھاتے ہی مریض کو سجھائی نہیں دیتا اور وہ اندھوں کی طرح نابینا محض ہو جاتا ہے۔

خوراکی نسخہ ۱۸

ھوالشافی :- بکری کا دودھ پاؤ بھر لے آگ پر رکھیں اور گرم ہونے پر لیموں کا ست تین رتی ڈال کر دودھ کو پھاڑ دیں اور پھر ٹھنڈا کر کے چھان لیں اور نیچے رہا ہوا نیلے رنگ کا پانی پلا کر خمیرہ گاؤ زبان تین ماشہ کھلا دیں۔ اگر خمیرہ گاؤ زبان نہ ملے تو صرف نیلا پانی پلانا ہی کافی ہے۔

فوائد :- انشاء اللہ ایک ہفتہ کے استعمال سے شرطیہ طور پر آرام ہوگا +

موتیا بند

جب موتیا بند کا پانی آنکھوں میں اتر رہا ہو تو اس وقت

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اس کا بند کر دینا آسان ہوتا ہے۔ جب یہ تمام و کمال اُتر چکا ہو تو اُس وقت ادویات بہت کم اثر کرتی ہیں۔ اس وقت اِس کا علاج جراحی (اپریشن) ہوتا ہے۔

ذیل میں اترے ہوئے موتیا بند کو روکنے کے لئے چند آسان نسخہ جات بیان کئے جاتے ہیں۔ جب موقعہ ازماکر فائدہ حاصل کریں۔

طلسماتی مکھن ۱۹

ھُوالشّافی :۔ چار تولہ گائے کے مکھن میں دو عدد کاغذی لیموں کا عرق ملاکر کھرل کریں۔ جب آپس میں اچھی طرح مل جائے تو اس میں پانی ملاکر رکھ دیں اور دو دن بعد انگلی کے ذریعہ دھوکر پانی نکال دیں پھر اور نیا پانی ڈال کر رکھ دیں۔ اسی طرح پچیس مرتبہ دھوئیں اور اس کے بعد چینی کی ڈبیہ میں بند کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ رات کو سوتے وقت خشخاش کے دو دانوں کے برابر لگادیا کریں۔

فوائد :۔ موتیا بند کا اترتا ہوا پانی وہیں کا وہیں رُک جائیگا +

بالکل آسان نسخہ ۲۰

ھوالشافی :۔ تخم سرس دو تولہ کھرل میں ڈال کر نہایت باریک پیس کر اس میں عرق لیموں ڈال کر یہاں تک کھرل کریں کہ دس لیموں کا پانی بذریعہ کھرل جذب ہو جائے۔ بس دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال :۔ رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگوادیا کریں —— بہتر ہو کہ ان ہر دو ادویات کے ہمراہ ترپھلہ کے سفوف کی ایک پھانکی (کفِ دست) رات کے وقت کھلا دیا کریں۔ اس سے ساتھ ہی ساتھ مریض کے دماغ کا تنقیہ ہو کر بہت فائدہ ہو جاتا ہے۔

فوائد :۔ موتیا بند کا اترتا ہوا پانی فوراً بند ہو جائیگا۔ لیکن کئی ہفتہ تک لگاتار استعمال کرنا مفید ہوگا +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دار الکتب سلیمانی رنڈی ضلع حصار

اکسیرِ چشم

(بذریعہ لیبوں)

پہلے صفحات میں علیحدہ علیحدہ مرضوں کے لئے نسخہ جات بیان کئے ہیں مگر یہاں جامع النفع واکسیر الاثر نسخہ جات بیان کئے جاتے ہیں جو کہ ایک ایک دوا آنکھوں کی بیشمار بیماریوں کے لئے بیحد مفید ثابت ہوتی ہے۔ نیز امید ہے کہ قدر دان اصحاب ان نسخہ جات کے اجزا اور ان کی ترکیب تیاری سے ہی ان کی برتری و جید الاثری کا اندازہ فرمالیں گے۔

ماميرہ کا بدل ۲۱

ھو الشافی:- ہلدی کی گرہ ایک عدد لے کر چینی کی پیالی میں ڈالیں پھر اس پر ایک عدد لیموں نچوڑ دیں اور پھر اسکو انگاروں کی آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب پانی جذب ہو جائے تو دوسرا لیموں نچوڑ دیں اور اسکو بھی بطریق مذکور آگ پر پکا کر جذب کر دیں۔ اسی طرح سات لیموؤں کا رس جذب کر دیں۔ بس یہ گرہ اب مامیرہ کی ہم خواص ہو چکی۔ اس کو باریک پیس کر اس کے برابر وزن سرمہ سیاہ ملالیں۔ بس سرمہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال:- رات کو سوتے وقت دو سے تین سلائی تک اللہ کا نام لیکر مریض کی آنکھوں میں ڈالا کریں۔

فوائد:- بفضلہ چند دنوں میں دھند۔ جالا۔ رات کو دکھائی نہ دینا وغیرہ سے آرام ہوگا۔

سرمہ تریاق چشم ۲۲

ھو الشافی:- کوڑی خورد (جس کو کچکوڑی کہتے ہیں) لے کر اس کو جو کوب (نیم کوب، دردرا) سا کر کے کانسی کے برتن میں ڈالدیں اور اس پر لیموں کا رس اتنا ڈالیں جو ان کوڑیوں کو اپنے اندر اچھی طرح چھپا کر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

تین تین انگل اوپر تک چڑھ کر تیرتا رہے۔ اب اس برتن کو گرد و غبار سے بچا کر رکھ دیں جب لیموں کا پانی ذرا کم ہو جایا کرے تو اور ڈال دیا کریں۔ یہاں تک کہ تمام کوڑیاں عرق لیموں کے اندر حل ہو جائیں۔ پھر اس پانی کو نیم کے ایسے ڈنڈے سے جس میں پیسہ نصب کیا گیا ہوا اس حد تک کھرل کریں کہ تمام پانی کھرل کی حرارت سے ہی خشک ہو کر سرمہ بن جائے۔ بس لاجواب تریاق چشم سرمہ تیار ہے۔

نکتہ:۔ اس دوا کو جس قدر زیادہ کھرل کریں گے اتنی ہی زیادہ مفید ثابت ہوگی — نیز پیسہ کو ڈنڈے کے اندر اُبھرا ہوا نصب کریں تاکہ کھرل کرتے وقت نیم کی لکڑی جزو دوا میں شامل نہ ہو سکے۔

ترکیب استعمال:۔ رات کو سوتے وقت ایک سلائی سے دو یا تین سلائی تک حسب حالات مریض کی آنکھوں میں لگوا دیا کریں — اگر پڑبال ہوں تو انکو اکھڑوا کر لگو دیا کریں۔ چند بار کے لگانے سے پڑبالوں کی پیدائش رک جائے گی۔

فوائد:۔ یہ سرمہ بفضلہ تعالیٰ آنکھوں کی بہت سی بیماریوں مثلاً جالا، پھولا، سُرخی چشم، ککرے، پڑبال اور کمزوری نظر ان سب کے لئے اکسیر الاثر ہے۔

سرمہ رفیق بصارت

ھوالشافی:۔ سرمہ سیاہ کی ڈلی حسب ضرورت لے کر دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ میں لال سُرخ کر کے لیموں کے پانی میں بجھاؤ دیتے جائیں۔ بس اس طرح سے چار بار بجھائیں۔ اور پھر خوب زور دار ہاتھوں سے اس حد تک کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔ بس سرمہ رفیق بصارت تیار ہے — بطریق معروف استعمال کریں

فوائد:۔ یہ سرمہ نگاہ کی کمزوری اور دھند، جالا وغیرہ کو مفید ہے۔ یہ سرمہ اشتہاری سرموں سے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بدرجہا افضل ہے۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں +

مسیحائی اکسیر ۲۴

ھُوَالشَّافِی :- اول پانچ تولہ کھانڈ دانہ دار درجہ اول لیکر اصلی پتھر کے یا چینی کے نا گھسنے والے کھرل میں ڈال کر خوب باریک کریں اور اس میں دو تین کاغذی لیموں نچوڑیں مگر لیموں ایسی ترکیب سے نچوڑیں کہ نچوڑتے وقت جو لیموں سے غبار اور دھواں سا نکلا کرتا ہے (وہ لیموں کا جوہر موثرہ ہوتا ہے) وہ کھانڈ ہی میں جذب ہو۔ باہر بالکل نہ نکلے۔ اب گھنٹہ کھرل کرکے دو تین لیموں اور نچوڑ کر پڑا رہنے دیں۔ دن میں اسی طرح پانچ چھ دفعہ وقفہ دے کر دوا کو کھرل کریں۔ روزانہ آٹھ دس لیموں جذب ہو جایا کرتے ہیں۔ لیموں اس طرح نچوڑیں کہ پہلے لیموں کو چاقو سے دو ٹکڑے کرلیا کریں اس طریقے سے کہ ہر ایک پھانک عرض میں عین درمیان سے کٹے لیموں کا چھلکا نہیں اتارنا چاہیئے۔ اب آدھا لیموں لے کر کٹی ہوئی طرف کھرل میں دوائی کے پاس کرکے انگوٹھے سے دبا کر نچوڑیں اگر کوئی بیج دوائی میں گر پڑے تو باحتیاط انگلی سے نکال لیں۔ لوہا یا کوئی اور دھات کی چیز دوائی میں بالکل نہیں ڈالنی چاہیئے۔ نیز لیموں پختہ ہوں کچے بالکل نہ ہوں۔ پندرہ سولہ روز میں یہ اکسیر تیار ہو جائے گی ہفتہ عشرہ بعد دوائی پھولا کرتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی تیار شدہ دوا سے کھانڈ یا لیموں کی بو بالکل نہ آئے گی۔ رات کو پرات میں پانی ڈال کر کھرل کو اسمیں رکھنا چاہیئے۔ ورنہ دوا کے کھرل میں چیونٹیاں داخل ہو جائینگی یہ دوا بہت گاڑھی ہوتی ہے۔ کھلے منہ کی پختہ شیشی میں رکھنی چاہیئے۔ اور لیموں کے پانی کی علیحدہ بوتل بھر رکھیں۔ اب دو تولہ عرق لیموں میں چھ ماشہ یہ دوا کسی اور شیشی میں ڈال کر لکڑی کے سر مچو سے ہلا ہلا کر خوب یکجان کریں +

لیموں کا رس اصلی پتھر یا مٹی یا چینی یا شیشہ کے برتن میں نکال کر بوتل میں ڈالیں اور

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کسی قسم کا برتن ہرگز استعمال نہ کریں۔

ترکیب استعمال: یہ دوا صرف لکڑی کے سرمچو (سلائی) سے لگا کر آنکھوں میں ڈالی جاتی ہے اور کسی چیز کے سُرمچو (سلائی) سے ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرنی چاہیئے۔

تندرست آدمی کو صرف ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں ڈالنی چاہیئے۔

اگر آنکھوں میں ککرے ہوں تو بالوں کی جڑوں میں دوا لگانی چاہیئے۔

فوائد: یہ دوا آنکھوں کی تقریباً ہر بیماری کے لئے ہی اکسیر ہے۔ خصوصاً سُرخی، پانی بہنا۔ اور ککروں کے لئے تو واقعی جادو ہے۔ ککروں کے مریض جن کو حکیموں اور ڈاکٹروں نے لاعلاج سمجھ کر جواب دے دیا تھا۔ اس کے چند روزہ استعمال سے بالکل تندرست ہو گئے ۔۔۔ ایک صاحب جن کے برسوں سے ککرے تھے۔ اس دوا کے استعمال سے ہمیشہ کے لئے دور ہو گئے۔ وہ اس کو "سانپ" کہا کرتا ہے۔ اور یہ دوا فی الحقیقت ہے بھی سانپ ۔۔۔ آنکھوں میں جھاٹ پڑ رہا ہو اور مریض ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہو۔ اس کی صرف ایک ایک سلائی ڈال لینے سے مریض کو فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ اگر تندرست آدمی استعمال کرے تو صرف ہفتہ عشرہ میں ہی اس کی بینائی بہت تیز ہو جاتی ہے ۔۔۔ آپ تجربہ اور آزمائش کر کے قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں

(عالیجناب حکیم منشی شیر محمد صاحب خیر اللہ پوری)

نسخہ ۲۵ — سرمہ شفیہ: جو آنکھوں کی بیشمار امراض کا واحد علاج ہے۔ اس سرمہ کے چند روزہ استعمال سے بفضلہ پھولا، جالا اور کمزوری نظر دور ہو جاتی ہے۔ بچوں کیلئے خاص طور پر اکسیری چیز ہے۔ نسخہ و ترکیب استعمال وغیرہ کیلئے ملاحظہ ہو باب کشتہ جات بیان ترکیب "کشتہ جست" صفحہ ۶۲ نسخہ ۱۱۰۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

سفیدہ آسمانی اکسیر

۲۶

ھوالشافی:- برادہ تانبہ پانچ تولہ۔ نوشادر پانچ تولہ دونوں کو چینی کے برتن میں ڈالیں۔ ان کے اوپر لیموں کا رس تازہ نکال کر اتنا ڈالیں کہ چار انگل اوپر تک آجائے۔ پھر باحتیاط تمام گرد و غبار سے بچا کر دھوپ میں رکھیں۔ چند دنوں میں پھول کر سبز رنگت لئے ہوئے کشتہ ہو جائے گا۔ خشک ہونے پر خوب زور دار ہاتھوں سے نا گھسنے والے پختہ کھرل میں کھرل کریں اور باریک کپڑے میں سے چھان کر شیشیوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال:- رات کو سوتے وقت دو دو سلائی اللہ کا نام لے کر استعمال کرایا کریں

فوائد:- دھند، جالا، رتوندھی (شب کوری) کے لئے عدیم النظیر اکسیر ہے۔

نوٹ:- اس نسخہ میں سرمہ سیاہ ہموزن بھی ملایا جا سکتا ہے۔

(از یکے خادم خلق)

ناک اور کان کی بیماریاں

نکسیر

۲۷

جب دماغ کی رگیں خون سے پُر ہو کر پھٹ جاتی ہیں۔ تو وہ خون ناک کی راہ بہہ نکلتا ہے۔ اس کو نکسیر کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

نکسیر کو بند کرنے کے لئے لیموں ایک بہت ہی اکسیر الاثر چیز ہے۔ بلکہ ڈاکٹروں کا خیال ہے کہ اس سے بہتر کوئی اور چیز دریافت ہی نہیں ہوئی۔

ترکیب استعمال:- بوقتِ ضرورت کاغذی لیموں کا رس نکال کر پچکاری کریں۔ بس ایک ہی پچکاری سے بفضلہٖ نکسیر کا خون بند ہو جائے گا۔ اور دوسری پچکاری کی ضرورت

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہی باقی نہ رہے گی۔ صرف یہی نہیں کہ اس سے نکسیر کا خون ہی بند ہو جاتا ہے بلکہ اس سے ہر قسم کا بہتا ہوا خون بند ہو جاتا ہے۔ ٹنکچر اسٹیل اور ٹنکچر آرگٹ بھی اس کے مقابلہ میں ہیچ ہیں۔

نوٹ: بعض حکیموں نے ست لیموں کو پانی میں حل کر کے استعمال کیا تو اس سے فائدہ پھر بھی فائدہ نہ ہوا۔ آخر کار تازہ لیموں کا رس استعمال کرنا پڑا۔ جس سے بفضلہ فوراً فائدہ ہو گیا۔ گو دوسرے امراض کیلئے ست لیموں کو پانی میں حل کر کے رس لیموں کا فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ لیکن اس موقعہ پر کچھ کام نہیں دیتا۔

دوسرا نسخہ

ہو الشافی :- رس لیموں کو جو کے آٹے میں ملا کر پیشانی پر لیپ کرائیں۔ انشاء اللہ چند مرتبہ کے لیپ کرنے سے نکسیر بند ہو گی۔

کان درد

دماغ کے نزدیک ہونے کی وجہ سے کان کا درد بہت ہی خطرناک اور الم انگیز ہوتا ہے۔ اس سے مریض تڑپ جاتا ہے۔ اس کے لئے ایک ایسا فوری اثر نسخہ لکھا جاتا ہے جس سے ایک منٹ کے اندر ہی اندر درد بند ہو جاتا ہے مجرب و آزمودہ ہے

کان درد کو بند کرنے کی فوری اثر دوا

ہو الشافی :- زرد رنگ کی کوڑیاں حسب ضرورت مقدار میں جمع کر کے دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ میں ڈال دیں اور آگ کے سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس رکھیں۔

ترکیب استعمال :- ایک رتی دوا کان میں ڈال کر اوپر سے لیموں جو کہ آگ پر ذرا سا گرم کر لیا گیا ہو اس کے چند قطرے کان میں نچوڑ دیں تاکہ کان کے اندر پڑی ہوئی دوا اچھی طرح عرق لیموں کے اندر حل ہو جائے ——— عرق لیموں کے کان میں پہنچتے ہی دوا کو جوش آئے گا اور بیمار کو مختلف قسم کی آوازیں سنائی دیں گی۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مریض اطمینان و سکون سے لیٹا رہتا ہے۔ جب آوازیں آنا اور کان میں دوا کو جوش آنا بند ہو جائے تو کان کو اُلٹ کر دوا نکال دیں۔ اور احتیاطاً روئی کا صاف پھایہ لے کر کان کو اس سے صاف کر لیں۔

فوائد:۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت درد سے کراہتا اور تڑپتا ہوا مریض اس دوا سے چین حاصل کر لے گا ــــ بے حد پُر تاثیر اور آسان نسخہ ہے۔

منہ اور زبان کی بیماریاں

منہ کے چھالے (۳۰) جب منہ میں آبلے پیدا ہو جاتے ہیں تو انسان کو کھانا کھانے میں بڑی مشکل پیش آجاتی ہے۔ بسا اوقات فاقہ سے ہی رہنا پڑتا ہے ورنہ دلیا وغیرہ کی چند گھونٹوں پر اکتفا کرنا ہوتا ہے ــــ ذیل میں ہم آبلوں کو دور کرنے کی ایک نہایت آسان مگر بیحد مفید ترکیب درج کرتے ہیں۔

آسان چٹکلہ (۳۱) ھو الشافی:۔ نار دیموں کا رس دو تولہ گرم پانی دس تولہ ملا کر اس سے مریض کو غرغرے کرائیں۔ اس سے چند بار عمل کرنے سے بفضلہ آبلوں کو آرام ہو جائے گا۔

دوسرا اصولی نسخہ (۳۲) در اصل آبلوں کی وجہ معدہ کی خرابی ہوتی ہے۔ اسلئے اس کی اصل دوا معدہ کی اصلاح کرنا ہے۔ ورنہ عارضی علاج کرنے سے ایک بار تو بیماری دب جاتی ہے۔ پھر کسی نہ کسی موقعہ پر ظاہر ہو جاتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ھوالشافی:- شربت لیموں روزانہ صبح وشام مریض کو پینے کی ہدایت کریں۔ چند روز کے لگاتار استعمال بفضلہٖ معدہ اصلاح پذیر ہوجاتا ہے۔ اور پھر منہ کے آبلوں کا عارضہ کبھی نہیں ہوتا شربت لیموں کا نسخہ صفحہ ۳۰ پر درج ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

۲۳ ہکلاپن یعنی لکنت

جس شخص کی زبان میں لکنت کا عارضہ ہو اُس کے لئے مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید ہے یہ نسخہ بہت مدت ہوئی لاہور کے پُرانے "اخبار پیسہ" میں بھی شائع ہوا تھا۔

ھُوالشافی:- عرق لیموں دس تولہ میں کرنجوہ کا مغز خوب باریک پیس کر شامل کریں اور اس سے مریض کو کلیاں کرائیں۔ اسی طرح چند روز صبح وشام روزانہ کلیاں کراتے رہنے سے بفضلہٖ زبان صاف ہوجاتی ہے ٭

نوٹ ضروری:- شام کے وقت غذا میں گھی اور مرچ سیاہ زیادہ کھلایا کریں بس یاد رہے ٭

۲۴ مُنہ کی بدبُو

جس شخص کے منہ میں سے بدبُو آتی ہو اُس کو مجلس میں بیٹھنا دوبھر ہوجاتا ہے۔ اور اگر کسی طرح آ بھی بیٹھے تو اہلِ مجلس کی شامت آجاتی ہے ــــ منہ میں سے بدبُو آنے کی بہت سی وجوہات ہیں اور لطف یہ کہ تقریباً سب کے لئے ہی لیموں مفید چیز ہے۔

ھُوالشافی:- عرق لیموں جو تازہ ہی نکالا گیا ہو ایک حصہ۔ عرق گلاب دو حصہ۔ دونوں کو ملا کر روزانہ صبح وشام کلیاں کرایا کریں۔ اِس سے نہ صرف یہ کہ منہ سے بدبُو دُور ہوکر خوشبُو آنے لگتی ہے۔ بلکہ مسوڑھوں کے زخم۔ گوشت خورہ وغیرہ بھی دُور ہوجاتے ہیں۔ اور مُنہ تمام گندے مادوں سے صاف ہوجاتا ہے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

اگر تندرست آدمی بھی کبھی کبھی کلیاں کر چھوڑا کریں۔ تو بہت سی بیماریوں سے ہمیشہ کے لیئے حفاظت میں رہیں۔

دانتوں کی بیماریاں

دانتوں کو صاف نہ رکھنے سے صرف یہی نہیں کہ بھدے اور برے معلوم ہوتے ہیں بلکہ ملک کے نامور حکماء کا خیال ہے کہ دانتوں کو صاف نہ رکھنے کی وجہ سے ایسی ایسی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں کہ جن کا نام سُن کر ہی بدن میں سنسنی پیدا ہو جاتی ہے۔

مجدد طب عالیجناب مسیح الملک حکیم اجمل خاں صاحب مرحوم اکثر پاگلوں کا علاج دانتوں کی صفائی سے ہی کر دیا کرتے تھے۔ اِس سے آپ اندازہ لگالیں کہ دانتوں کا صاف رکھنا کس قدر ضروری امر ہے۔ کیونکہ ایک تو دانتوں کی وہ بدبو جو بعینہٖ پاخانہ جیسی معلوم ہوتی ہے دماغ کو چڑھ چڑھ کر پریشان کرتی رہتی ہے۔ دوسرے کھانا کھاتے وقت منہ کے لعاب اور لقمہ میں شامل ہو کر معدہ کو خراب کر دیتی ہے۔ جس کا اثر کیلوس اور کیموس پر ہوئے بغیر نہیں رہتا۔ اِسی لئے ہمارے مدنی طبیبؐ نے مسواک کی بہت تاکید فرمائی ہے۔

ذیل میں دانتوں کی صفائی و کمزوری کے لیئے ایک اعلیٰ درجہ کا نسخہ عرض کیا جاتا ہے۔ کیونکہ لیموں ایک ایسی اعلیٰ چیز ہے جس سے دانتوں کی میل اور بیماری پیدا کرنے والے جراثیم سب کی صفائی ہو جاتی ہے۔ دانت موتیوں کے مانند سفید نکل آتے ہیں۔ اگر ذیل کی ترکیب پر عمل کیا جائے تو بفضلہ دانتوں کی کوئی بیماری نہ ہونے پائے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

دانتوں کو صاف کرنے کی ترکیب ۳۵

لیموں کا رس نکال ایک چینی کی پیالی میں رکھ لیں اور اس میں سے مسواک یا برش کے ذریعہ رس لیموں لے کر دانتوں پر ملتے رہیں۔ اسی طرح روزانہ ملا کریں۔ چند روز میں بفضلہ دانت موتیوں کی طرح چمکنے لگیں گے۔ تمام قسم کے روغنی جراثیم ہلاک ہو جائیں گے۔

گلے کی بیماریاں

گلے کا درد

گلے کے درد کے لئے لیموں ایک بہت ہی مفید الاثر اور فوراً فائدہ دکھانے والی دوا ہے۔

ھوالشافی:۔ لیموں کا رس نیم گرم کر کے اس میں قدرے شہد ملا لیں اور بوقت ضرورت اس میں سے دن میں تین مرتبہ چٹایا کریں۔ تقریباً گلے کی تمام بیماریوں کے لئے از حد مفید اور موثر چیز ہے۔ آزما کر فائدہ اٹھائیں۔

غرارے

نیز گلے کے درد کو رفع کرنے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ سے غرارے کرانا بھی بہت مفید ہے کیونکہ بعض اوقات شہد خالص مہیا نہ ہونے کی صورت میں اس دوا سے فیضیاب ہونے میں دقت پیش آجاتی ہے۔

ھوالشافی:۔ لیموں کا رس ایک حصہ۔ پانی گرم چار حصہ ملا لیں۔ اور اس سے غرارے کرنے کی مریض کو ہدایت کر دیں۔

خنازیر کی اکسیری دوا

خنازیر یعنی کنٹھ مالا بہت مشکل سے رفع ہونے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

والی بیماری ہے۔ اور ایسی ادویات بہت کم ملتی ہیں جو ان کو بیخ بنیاد سے اکھاڑ پھینکتی ہوں۔ ایک نسخہ کشتہ جات کے بیان میں بعنوان "کشتہ سم الفار" بیان کیا گیا ہے۔ جو کہ اس نامراد مرض کیلئے لاجواب شے ہے۔ لہذا ملاحظہ ہو صفحہ ۹۵ نسخہ ۹۹

سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریاں

سینہ اور پھیپھڑے کی بیماریوں میں سے کھانسی کے لئے ایک خاص حالت میں لیموں نہ صرف مفید بلکہ بیحد مفید ثابت ہوتا ہے لیکن اس کے علاوہ دیگر اقسام کی کھانسی کیلئے نہ صرف لیموں ہی بلکہ ہر قسم کی ترشی نقصان دہ ثابت ہوتی ہے — لیکن یہ بات بھی قابل قبولیت نہیں کہ کھانسی کی ہر حالت میں ترشی مضر ہے — چنانچہ ذیل میں ہم جس موقعہ پر کھانسی کے لئے لیموں کا استعمال کرانا بیان کریں گے اگر اس موقعہ پر لیموں کو استعمال کیا جائے تو بفضلہ مانند اکسیر ثابت ہوتا ہے۔ اس وقت استعمال کرنے میں ذرہ بھر خطرہ نہیں۔

کھانسی ۳۹

کھانسی کی عموماً دو حالتیں ہوتی ہیں۔ ایک حالت میں کھانسی کے بعد بلغم بہت جمی ہوئی نکلتی ہے اور دوسری حالت میں بہت رقیق پتلی نکلا کرتی ہے۔

جب بلغم رقیق یعنی پتلی نکل رہی ہو اس حالت میں لیموں کا استعمال کسی طرح جائز نہیں ہاں البتہ جب کھانسی دیرینہ ہو اور ساتھ بخار بھی ہو نیز بلغم غلیظ یعنی گاڑھی ہو اور بڑی مشکل سے لزج دار (لیسدار) خارج ہوتی ہو تو ایسے موقعہ پر لیموں کا استعمال کرانا جائز بلکہ واجب

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ہے۔ کیونکہ اس سے بلغم پتلی ہو کر نکلنے لگتی ہے ۔۔۔ ہاں جب بلغم رقیق ہو جائے۔ تو ایسے موقعہ پر لیموں کا استعمال ترک کر دینا چاہئیے۔

ترکیب استعمال :۔ لیموں کو لیکر بھیگے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر اوپر چکنی مٹی لپیٹ کر غلولہ سا بنا لیں اور آگ میں دبا دیں پھر نکال کر گرم گرم کو ہی نچوڑ کر اس میں شہد ملا لیں اور بوقت ضرورت دن میں تین مرتبہ تین تین ماشہ کی مقدار میں چٹایا کریں۔

فوائد :۔ اس سے آسانی کے ساتھ بلغم خارج ہونے لگے گی۔

جگر کی بیماریاں

اعضائے جسمانی میں جگر ایک ایسا عضو ہے کہ اس میں خون ایسی بیش بہا چیز پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے جگر کی درستی کا خیال رکھنا از حد ضروری ہے۔ کیونکہ جب جگر میں کوئی نقص پیدا ہو جاتا ہے تو اس کا اثر خون میں ضروری طور پر شامل ہوتا ہے۔ جب خون میں نقص وارد ہو گیا تو سمجھئے کہ بدن میں خلل آ گیا۔ اس لئے جگر کو درست رکھنے کی بیحد کوشش رکھنی چاہئیے۔ تاکہ خون صالح پیدا ہو اور بدن میں کوئی بیماری پیدا ہونے نہ پائے۔

جگر کی بیماریوں کے لئے لیموں ایک بہت ہی مفید چیز ہے۔ اس کے استعمال کرتے رہنے سے بفضلہٖ تقریباً جگر کی تمام بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔

یرقان یعنی پیلیا نمبر ۴۰

اس مرض میں پہلے آنکھوں اور ناخنوں پر زردی اور پھر تمام بدن پر ظاہر ہوتی ہے۔ پیشاب اس قدر زرد ہو جاتا ہے کہ اگر اس میں سفید رنگ کا کپڑا یا روئی کا پھاہا تر کیا جائے تو اسکو کیسری رنگ

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

آجاتا ہے۔ پاخانہ بھی زرد سیاہی مائل رنگت لئے ہوئے قبض کے ساتھ خارج ہوتا ہی
اس مرض کے ازالہ کے لئے بھی لیموں ایک بہت اچھی دوا ہی چنانچہ نسخہ درج ذیل ہی۔
ھوالشافی :۔ لیموں کا رس ایک تولہ۔ کھانڈ دو تولہ۔ سوڈا خوردنی (میٹھا سوڈا) چار رتی۔ نوشادر
دو رتی سب کو آپس میں ملاکر دس تولہ پانی میں حل کرکے علی الصبح نہار منہ مریض کو پلایا کریں
نیز شام کو بھی اسی قدر پلائیں ___ چند روز کے استعمال سے بفضلہ جگر کی تمام
خرابی دور ہو جاتی ہے۔

فوائد :۔ یہ دوا یرقان کی اُس حالت میں بھی مفید ہی جبکہ مریض کے ہاتھ پاؤں میں سی
آگ کے شعلوں کی طرح گرمی نکلتی ہوئی معلوم ہوا کرتی ہے۔

دِل کی بیماریاں

جسم انسانی کے اندر دل کو وہی رتبہ حاصل ہے۔ جو ملک کے اندر بادشاہ کو ہوا کرتا
ہے۔ اگر دل مبتلائے الم (رنج) ہو جائے تو تمام بدن کو قرار نہیں رہتا۔
لیموں کے اندر قدرت نے دل کو خوش کرنے والی نہایت لاجواب تاثیر پیدا کی ہے
لیکن لوگ اپنی غلطی سے اس چیز سے فیضیاب ہونے کی بجائے اسکو پھینک دیتے ہیں۔
چنانچہ ہم ذیل میں ہم اس غلطی کی اصلاح کئے دیتے ہیں۔

شربت مفرح دل عام طور پر جب لوگ شربت (سکنجبین لیموں) بنانے
لگتے ہیں تو لیموں کو چھیل کر اس کا پانی نکال لیتے ہیں جو
سراسر بدقسمتی کا موجب ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کیونکہ حکماء کے نزدیک پوست لیموں یعنی لیموں کے چھلکے کے اندر وہ جوہر موثرہ ہے جو دل کو بے حد تقویت بخشنے اور فرحت دینے والا ہے۔ لہٰذا جو حضرات لیموں کو چھیل کر استعمال کرنے کے خوگر ہیں وہ اس نعمت بے بہا سے محروم رہ جاتے ہیں۔ لہٰذا چاہیئے کہ جب بھی شربت تیار کرنا مقصود ہو تو لیموں کو مع چھلکا کے نچوڑیں۔ اس سے مفرح دل شربت کا کام لیا جا سکتا ہے۔

شربت لیموں ۲۲

تازہ لیموں کا پانی آدھ سیر۔ کھانڈ یا مصری سیر بھر پہلے کھانڈ یا مصری کو قدرے پانی ملا کر آگ پر قوام کریں جب قوام گاڑھا ہو جائے تو اس میں آب لیموں ملا دیں اور ایک جوش آ جانے پر آثار لیں۔ اگر زیادہ دیر رکھا گیا تو کڑوا ہو جائے گا۔ بس شربت تیار ہے۔ ٹھنڈا ہونے پر شیشہ میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ یہ شربت مفرح ہونے کے علاوہ مقوی معدہ، ہاضم طعام۔ دردسر کو مفید اور موسمی بخار کا دافع ہے۔

نوٹ:۔ تمام ترش قسم کی ادویات کے شربتوں کو قلعی دار دیگچی میں تیار کرنا چاہیئے۔ نیز لوہے کا اوزار نہ لگانا چاہیئے۔ ورنہ شربت کا رنگ سیاہ ہو جائے گا۔

پیاس کی زیادتی ۲۳

جب بار بار پیاس لگتی ہو۔ منہ اور زبان خشک ہو رہے ہوں۔ تو اس وقت دل بہت بے چین ہو جاتا ہے۔ ایسے موقعہ پر لیموں کو چیر کر تھوڑا تھوڑا چوستے رہنا بفضلہ پیاس کو بند کر دیتا ہے۔ کیونکہ رس لیموں جب منہ میں پہنچتا ہے تو فوراً منہ میں مسامات کے ذریعہ پانی پیدا ہو جاتا ہے۔ بس جب منہ میں پانی پیدا ہو گیا تو پیاس، خشکی اور بے چینی سے نجات ملنا یقینی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

تلی کی بیماریاں

ورم طحال ایسی بُری بیماری ہے کہ جب کسی کو چمٹ جاتی ہے تو چھٹنے کا نام نہیں لیتی۔ مریض کے چہرہ و جلد کی سُرخی زائل ہو کر زردی کا رنگ جھلکنے لگتا ہے۔ پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ اگر مریض کی بائیں پسلیوں کے نیچے ٹٹولا جائے تو تلی کا بڑھا ہوا حصہ ہاتھ سے ٹٹولا جا سکتا ہے۔ مریض بوڑے اور محنت کا کام کرنے سے عاری ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ذرا سا تیز چلنے اور دوڑنے سے دم پھول جاتا ہے۔ ملیریا کے موسم میں ایسے مریض کو لازمی طور پر بخار بھی ضرور آ دباتا ہے۔ غرضیکہ مریض گویا زندہ در گور کے مترادف ہو جاتا ہے۔

تلی توڑ گولیاں

ھو الشافی: زرد رنگ کی کوڑیاں دو تولہ لیں اور باریک پیس کر عرق لیموں ڈال کر کھرل کرتے جائیں اور دس عدد لیموؤں کا عرق جذب کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بنائیں اور مریض کو صبح و شام ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ دیا کریں ـــــ ان گولیوں کے متواتر استعمال سے بفضلہ ضرور بالضرور ورم طحال دن بدن کم ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔

ورم طحال کی دوسری دوا

ھو الشافی: پیاز کا پانی چھ ماشہ۔ لیموں کا پانی ایک تولہ ملا کر روزانہ مریض کو پلاتے رہیں۔ تو انشاء اللہ چند روز میں ورم طحال کو فائدہ ہو جائے گا۔

نوٹ: لیموں کا اچار حسب خواہش روزانہ ورم طحال کے مریض کو استعمال کرانا بہت مفید ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

معدہ کی بیماریاں

بدن انسانی کی صحت کا دارومدار معدہ کی درستی پر ہے۔ اگر معدہ میں کوئی خلل واقع ہوجاتا ہے تو اس کا اثر کسی نہ کسی طرح تمام بدن میں پہنچتا ہے۔ جو شخص معدہ کی کسی بیماری میں مبتلا ہوجانے کے باوجود اس کے علاج کی پرواہ نہ کرے وہ سخت غلطی کرتا ہے۔

لیموں بلا مبالغہ معدہ کے لئے آبحیات ہے۔ اس کے استعمال سے معدہ کی قوتوں میں بیش بہا اضافہ ہوتا ہے۔ کیونکہ آب لیموں معدہ میں جاکر معدہ کی رطوبتوں کے ترشح کو بڑھاتا ہے۔ اس لئے قوت ہاضمہ ترقی پذیر ہوجاتی ہے۔ بھوک بڑھتی ہی یہی وجہ ہے کہ ضعف معدہ کے مریضوں کو لیموں بہت مفید پڑتا ہے ــــــ ہاں اگر مریض کے معدہ میں پہلے ہی ترشی زیادہ ہو جس سے مریض کو کھٹے ڈکار آتے ہوں تو ایسی صورت میں لیموں کا استعمال نہ کرانا چاہیئے۔ البتہ جو بدہضمی یا ضعف معدہ چرب اور روغنی چیزوں کی کثرت سے پیدا ہوا ہو اس کے لئے لیموں سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔

اب ہم ذیل میں چند نہایت اعلیٰ درجہ کے نسخہ جات بیان کرتے ہیں:۔

وہ خوفناک و ہولناک بیماری جس سے لاکھوں جانیں ہر سال تلف ہوجاتی ہیں

ہیضہ

الامان الامان! خدا بچائے اس سے ہر سال لاکھوں مائی کے لال آغوش مادر سے جدا ہوکر آغوش لحد میں سوجاتے ہیں۔ جتنا نقصان بدقسمت ہندوستانیوں کو اس مرض کے بے پناہ

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

حملوں نے پہنچایا ہے شاید ہی اور کسی مرض نے پہنچایا ہو۔ باوجودیکہ محکمہ حفظان صحت کی لگاتار کوششوں کے تاحال ہندوستان اِس بلائے بے درمان کے وجود نامسعود سے خالی نہ ہوا۔

ہیضہ سے بچے رہنے کے لئے بیش قیمت نسخہ ۴۶

جن دنوں میں گردونواح میں ہیضہ پھیل رہا ہو اُن دنوں میں ایسا کون پتھر دل انسان ہے جسکو اس پھیلی ہوئی بیماری سے خوف نہ آتا ہو۔ اُس وقت اس خوف کی وجہ سے وہ مسلم جو کبھی بھولے سے بھی مسجد میں قدم رکھنا نہیں جانتے پختہ نمازی بن جاتے ہیں علیٰ ہذا القیاس ہندو حضرات مندروں میں۔ سکھ صاحبان گوردواروں میں بیٹھ کر پکے پجاری بن جایا کرتے ہیں اور ہر وقت یہ دُعا، پرارتھنا ورد زبان لگی رہتی کہ "یا الٰہی! ایشور! واہگورو امیری اور میرے بال بچوں کی خیر"۔ لیکن خداوند کریم نے بعض اشیاء میں ایسی تاثیر بھر دی ہے کہ اگر اُن کو دورانِ وباء ہیضہ میں استعمال کیا جائے تو بفضلہ تعالیٰ اس نامراد مرض کے دَورہ سے بچے رہنے کی قوی اُمید ہے۔ چنانچہ اس موقعہ پر لیموں ہی کا ایک نسخہ عرض کیا جاتا ہے۔ لوحِ دل پر نقش کر لیں!

ھوالشافی:- لیموں ایک عدد بوقت صبح پانی میں نچوڑیں اور مصری ملاکر بدستور معروف سکنجبین بنا کر پی لیا کریں۔ اسی طرح تقریباً تین بجے شام کو بھی پی لیا کریں انشاء اللہ ہیضہ سے امن میں رہیں گے۔ حفظ ماتقدم کے لئے لاجواب چیز ہے۔

ہیضہ کی اکسیری گولیاں ۴۷

اگر مندرجہ ذیل گولیاں مریضِ ہیضہ کو استعمال کرائی جائیں تو بفضلہ مایوس سے مایوس حالت میں بھی فائدہ ہو جاتا ہے۔ بیحد مفید، مؤثر اور عمدہ چیز ہیں۔

ھوالشافی:- لیموں کا چھلکا سایہ میں خشک کیا ہوا ایک تولہ کافور ایک ماشہ۔ دونوں کو کھرل

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

میں ڈال کر باریک پیسیں، اور اس میں تھوڑا تھوڑا عرق لیموں ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب سات لیموؤں کا پانی جذب ہو جائے۔ تو ان کی رتی رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال:- مریض ہیضہ کو ہر گھنٹہ بعد دو گولیاں عرق پودینہ، سونف وغیرہ سے دیں۔ اگر حالت زیادہ نازک و خطرناک ہو چکی ہو تو ایک ایک گولی پندرہ بیس منٹ کے بعد دیتے رہیں۔ انشاء اللہ ضرور بالضرور فائدہ ہو جائے گا +

ہیضہ کیلئے چٹانے کی دوا ۴۸

یہ ایک بالکل قابل اظہار حقیقت ہے جس میں مبالغہ یا خود ستائی کو ذرہ بھر بھی دخل نہیں کہ ہیضہ کے علاج میں جو کامیابی یونانی حکما کو ہوتی ہے ڈاکٹروں کو باوجود انتہائی کوشش کے اس کا نصف بھی حاصل نہیں ہوتی۔ طب یونانی کے دامن میں باوجود کس مپرسی کی حالت کے تاحال ایسے ایسے گراں بہا جواہرات موجود ہیں جن کو دیکھکر اغیار کی آنکھیں چکا چوندھ ہو جاتی ہیں۔ چنانچہ ذیل میں ایک ایسا ہی نسخہ درج کیا جاتا ہے جو بالکل سہل اور مؤثر ہے:-

ھوالشافی:- ایک عدد سالم لیموں لیں اس کو بمعہ چھلکا اور بیج کے کھرل میں خوب گھوٹیں اور قدرے نمک ملا کر محفوظ رکھیں اور مریض ہیضہ کو تھوڑا تھوڑا چٹاتے رہیں۔

فوائد:- بفضلہ بہت جلد پیاس، قے اور دست بند ہو کر مریض کی جان بچ جائے گی +

چونکہ لیموں میں اللہ تعالیٰ نے ہیضہ کے جراثیم کو ہلاک کرنے کی بے حد طاقت عطا فرمائی ہے اسلئے اسکے استعمال سے ایک گھنٹہ کے اندر اندر ہیضہ کے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔

قے اور متلی ۴۹

قے اور متلی کے لئے بھی لیموں ایک نہایت مفید چیز ہے۔ بوقت ضرورت لیموں کے دو ٹکڑے کر کے اُن پر قدرے نمک و مرچ سیاہ باریک پیس کر ڈالیں اور مریض کو چوسائیں۔ انشاء اللہ اسی وقت طبیعت درست ہو جائیگی۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

جہازی چکر اور قے ۵۰

جو لوگ جہازوں میں سفر کرتے ہیں عام طور پر وہ لیموں کو اپنے پاس ضرور رکھتے جب کسی وقت اُن جی بھرتا یا قے آنے لگتی ہے تو لیموں چوس لیتے ہیں۔ اِس سے ان کو افاقہ ہو جاتا ہے +

قے روکنے کا اور نسخہ ۵۱

لیموں کو چیر کر دونوں ٹکڑوں پر قدرے کھانڈ لگا کر چوسیں اِس کے چوستے رہنے سے بھی متلی اور قے آنا وغیرہ کو بفضلہ آرام ہو جاتا ہے۔

سفوف ہاضم ۵۲

ھوالشافی:- لیموں کی پھانکیں بنا کر اس کو ڈورے میں پرو کر دھوپ میں لٹکا دیں جب خوب خشک ہو جائے تو اس کو خوب اچھی طرح باریک پیس کر اس سے چار گنا کھانڈ ملا کر سنبھال رکھیں۔

خوراک:- تین ماشہ پانی کے ہمراہ کھلانے سے بفضلہ کھانا فوراً ہضم ہو جاتا ہے اور معدہ کو تقویت ہوتی ہے

نوٹ:- کھانڈ کی بجائے نصف حصہ نمک بھی ملایا جا سکتا ہے یا نمک اور کھانڈ دونوں بھی ملائے جا سکتے ہیں جن سے ذائقہ بھی بہت عجیب ہو جاتا ہے۔

طلسمانی ہاضم لذیذ مرچیں ۵۳

جو کہ ہاضم طعام ہونے کے علاوہ بے حد خوش ذائقہ ہوتی ہیں:-

ھوالشافی:- سیاہ مرچیں بیس تولے کر کسی چینی کے پیالہ میں ڈال کر ان پر نمک لاہوری پانچ تولہ باریک پیس کر ڈالیں۔ اور اس پر گندھک کا تیزاب پانچ تولہ اور لیموں کا پانی ۱/۲ بھر ڈال کر برتن کو کسی دوسرے چینی کے برتن سے ڈھانپ کر دھوپ میں احتیاط سے رکھ دیں۔ جب تمام پانی وغیرہ مرچوں میں جذب ہو کر مرچیں بالکل خشک ہو جائیں تو اُن کو کسی بوتل وغیرہ میں ڈال سنبھال رکھیں۔ بس طلسمانی ہاضم مرچیں تیار ہیں۔

ترکیب استعمال:- کھانا کھانے کے بعد پانچ عدد سے سات عدد تک چبا لیا کریں۔ بفضلہ کھانا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پیا فوراً ہضم ہو کر خوب جزو بدن بننے لگے گا ۔۔۔ علاوہ ازیں پیٹ درد، سُول، قے، متلی وغیرہ کو بھی بہت مفید ثابت ہوتی ہیں ✦

آنتوں کی بیماریاں

معدہ کی بیماریوں کا ذکر کیا جا چکا۔ اب آنتوں کی بیماریوں کا ذکر کیا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ ایک مسلمہ قاعدہ ہے کہ جو چیز معدہ کے لئے مفید ہوتی ہے وہ امعاء (انتڑیوں) کیلئے بھی مفید ہوتی ہے۔ علیٰ ہذا القیاس جو چیز معدہ کو نقصان پہنچاتی ہے وہ انتڑیوں کو بھی نقصان پہنچاتی ہے۔

پیچش یعنی مروڑ شکم ۔۔ جب پاخانہ بہت درد اور تکلیف سے آتا ہو اور پاخانہ کے ساتھ پیپ بھی آرہی ہو تو ایسے وقت میں لیموں کا رس استعمال کرانا بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ حکماء نے اس موقعہ پر ایک ہی دن میں ڈیڑھ پاؤ تک رس لیموں پلا دینے کی اجازت بخشی ہے۔

اگر رس لیموں ڈیڑھ پاؤ یومیہ استعمال کرا دیا جائے تو اس سے پیچش کے مایوس مریض بھی بفضلہ صحتیاب ہو جاتے ہیں اور پھر لطف یہ کہ نقصان کا اندیشہ نہیں ✦

"قرابادین احمدی" میں جناب ڈاکٹر احمد علی صاحب زبدۃ الحکماء نے بھی اسی علاج پر زور دیا ہے ✦

اسہال یعنی دست آنا ۔۔ جب پاخانہ کا مواد پتلا ہو کر زیادہ مقدار میں خارج ہو رہا ہو تو اس کو اسہال یعنی دست کہتے ہیں۔ دستوں کو بند کرنے کے لئے بھی لیموں بہت مفید شئے ہے۔

ترکیب۔ یہ ہے کہ بوقت ضرورت مریض اسہال کو ایک لیموں ڈیڑھ پاؤ پانی میں

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ملا کر پلائیں۔ اور اسی طرح دن میں پانچ سے سات مرتبہ پلانے سے بفضلہٖ دست خواہ کتنی ہی کثرت سے آرہے ہوں بند ہو جاتے ہیں +

مثانہ کی بیماریاں

پیشاب کی بندش

پیشاب کا بند ہو جانا ایک بہت ہی خطرناک مرض ہے۔ مریض کی جان چند گھنٹوں میں ہی لبوں پر آجاتی ہے۔ عام طور پر یہ مرض بوڑھے شخصوں کو ہوا کرتا ہے۔

بند شدہ پیشاب کو جاری کرنے کے بہت مفید و مؤثر نسخہ جات ہم نے اپنی دوسری تالیفات مثلاً "کنز المجربات" "کنز المفردات" نامی کتابوں میں درج کر دئے ہیں۔

یہاں پر خواص لیموں کے ضمن میں بھی ایک نسخہ لکھا جاتا ہے جو کہ قبل ازیں ہم نے کتاب "کنز المفردات" میں بھی بیان کیا ہے

پیشاب کو جاری کرنے کا نسخہ

ھوالشافی :- کاغذی لیموں کو کاٹ کر اس کے دو ٹکڑے کر لیں اور اس کے بیج نکال کر شورہ قلمی بھر دیں اور پھر چاقو وغیرہ سے اندر داخل کر دیں۔ اور کوئلوں کی آگ پر رکھ دیں جب جوش مارنے لگے تو گرم گرم اتار کر ناف کے ارد گرد مل دیں۔

فوائد :- انشاء اللہ الحکیم بند شدہ پیشاب بہت جلد کھل جائے گا +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چند مقوی باہ نسخہ جات

دنیا مقوی باہ نسخہ جات کی بڑی شدت سے آرزومند ہے۔ یہی تمنا بوڑھے اور جوان کو ہردم آتش زیر پا رکھتی ہے کہ جس طرح بھی بن سکے کوئی ایسا شیر مرد بنانے والا نسخہ ہاتھ آجائے جس سے کثرت سے ...... کرتے ہوئے بھی کمزور نہ ہوں۔

اور پھر افسوس تو یہ ہے کہ جو لوگ تندرست بھی ہیں وہ بھی اپنے غلط طریق کار سے اپنے آپ کو بیمار ہی خیال کئے ہوئے ہیں۔ غرضیکہ دنیا میں مقوی باہ نسخہ جات کا ایک طوفان بے تمیزی مچا ہوا ہے ۔۔ اگر کتاب کی اختصار نگاری مانع نہ بن جاتی تو میں یہاں بتاتا کہ بیمار کون ہے اور تندرست کون!

نیز سرعت انزال کی بیماری کے متعلق بھی چند ایسی لاجواب ہدایات بیان کرتا کہ جن پر عمل پیرا ہونے سے انسان بغیر کسی علاج کے تندرست ہو جاتا۔ لیکن یہ مختصر کتاب ان باتوں کی اجازت نہیں دیتی۔ البتہ جو حضرات اس قسم کا مضمون دیکھنا چاہیں وہ ہماری کتاب "کنز المجربات" جلد اول و دوم کا مطالعہ کریں۔ یہاں پر صرف چند ایک وہ مقوی باہ نسخہ جات عرض کئے جاتے ہیں جو لیموں سے تیار ہوتے ہیں۔ جو اصحاب واقعی ضعف باہ کے مریض ہوں وہ بنا کر فائدہ اٹھائیں +

مقوی باہ کراماتی سیاہ مرچیں

حکیم کریم بخش صاحب مظفرگڑھی تحریر فرماتے ہیں کہ ایک بزرگ کے پاس سیاہ مرچیں تھیں جو وہ ضعف باہ کے مریضوں کو دیا کرتے تھے۔ ان مرچوں کے کھانے سے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

عجیب طور پر قوت باہ ظہور پذیر ہوتی تھی۔ جسے دیکھ دیکھ کر لوگ حیران رہ جاتے تھے! اور ان مرچوں کی شہرت کراماتی مرچوں کے نام سے ہوگئی تھی۔ وہ صاحب نسخہ تو کسی کو بتانے پر رضامند نہ تھے مگر مرچیں دے دیا کرتے تھے۔ لیکن ہم نے بہت کوشش کرنے کے بعد اس کا طریقہ حاصل کیا جو درج ذیل ہے:۔

ھوالشافی:۔ مرچ سیاہ سالم پانچ تولے کر چینی کے پیالہ میں رکھ دیں اور سم الفار ایک تولہ باریک پیس کر ان پر چھڑک دیں اس کے بعد اُن کے اوپر ایک عدد کاغذی لیموں نچوڑ دیں اور پیالہ کو ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر دھوپ میں رکھ دیں۔ جب لیموں کا ڈالا ہوا پانی خشک ہو جائے تو ایک اور لیموں کا پانی نچوڑ دیں۔ یہانتک کہ اسی طریقہ سے پورے چالیس ۴۰ لیموؤں کا پانی جذب ہو جائے۔ اب اِن مرچوں کو تازہ پانی سے دھو کر خشک کر کے رکھ دیں۔ بس کراماتی مرچیں تیار ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ ایک مرچ سے تین مرچوں تک روزانہ کھانے سے بیحد قوت باہ پیدا ہوتی ہے۔ اگر زیادہ گرمی کریں تو حلوا بیضہ کے ساتھ ملا کر کھائیں +

مقوی باہ اجوائن شدہ

ھوالشافی:۔ حسب خواہش اجوائن لے کر ایک چینی کے برتن میں ڈالکر اس کے اُوپر عرق لیموں اسقدر نچوڑیں کہ ایک اُنگل اوپر تک آجائے۔ پھر ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر دھوپ میں رکھ دیں۔ جب اجوائن بالکل خشک ہو جائے تو پھر عرق اسی قدر اور ڈالدیں۔ اسی طرح سات مرتبہ تر و خشک کریں۔ پھر برتن میں سے نکال کر سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال:۔ اس میں سے ساڑھے دس ماشہ اجوائن روزانہ کھانے سے بفضلہٖ قوتِ باہیہ پر بہت عمدہ اثر پڑتا ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

نوٹ:۔ کشتہ طلا؛ کشتہ چاندی؛ کشتہ فولاد وغیرہ جو لیموں سے تیار ہوتے ہیں سب کے سب عضب کے مقوی باہ و مقوی بدن ہوتے ہیں۔ ان کے نسخہ جات آخر کتاب کشتہ جات کے بیان میں ملاحظہ فرمائیں +

مُقوی باہ — مُحمّر لون — مسمّن بدن

عجیب تحفہ

ھوالشافی:۔ لیموں پختہ ایک عدد کے چار ٹکڑے کرلیں اور پھر چار عدد چینی کے پیالوں میں پاؤ پاؤ بھر گائے کا دودھ ڈال کر ان کو ایک پیالی کے اندر ایک ٹکڑے کو نچوڑ دیں اور فوراً پلا دیں۔ اس کے سات آٹھ منٹ بعد دوسری پھانک کو دوسری پیالی کے دودھ میں نچوڑ کر فوراً ہی پلا دیں۔ علیٰ ہذا القیاس سات سات منٹ بعد تیسری اور چوتھی پھانک استعمال کرائیں۔ یہی عمل ایک ماہ تک جاری رکھیں۔ پھر خدا کی قدرت ملاحظہ فرمائیں۔

فوائد:۔ اس کے استعمال سے بدن میں خون صالح پیدا ہو کر چہرہ کا رنگ سرخ ہو جاتا ہے؛ بھوک پہلے سے دوگنی لگتی ہے؛ دائمی قبض دور ہو جاتی ہے؛ گھبراہٹ اور بے چینی نام کو نہیں رہتی اور قوت باہ میں نمایاں طور پر اضافہ ہو جاتا ہے +

نکتہ:۔ اگر مریض سے پردۂ راز نہ اُٹھنے دینا ہو تو محض پسی ہوئی کھانڈ کی رتی رتی کی پڑیہ باندھ کر دے دیں اور ہدایت کر دیں کہ ایک پڑیہ ساتھ شامل کر کے دودھ پی لیا کرے ـــ اور اگر مریض بہت ہی ہوشیار ہو تو کھانڈ کی بجائے طباشیر کی پڑیہ باندھ دیں +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

بخاروں کا بیان

جب دل کی حرارت بڑھ کر خون گرم ہو جاتا ہو اور وہ خون تمام بدن میں پھیلتا ہے تو تمام بدن گرم ہو جاتا ہے جس کو عام لوگ بخار کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

بخار کی لاانتہا قسمیں ہیں۔ جن کا بیان طب کی بڑی بڑی کتابوں میں ملتا ہے۔

یہاں پر بعض ان بخاروں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کے لئے لیموں اکسیری صفات کا سرمایہ دار ثابت ہوتا ہے۔ قدرت نے جہاں لیموں کو دوسرے اعلےٰ صفات سے مالامال فرمایا ہے وہاں بعض قسم کے بخاروں کو دور کرنے کے لئے بھی اکسیر بنایا ہے۔ چنانچہ چند بیش بہا نسخہ جات درج ذیل ہیں۔

قبل اس کے کہ ہم بخاروں کا ذکر کریں مناسب خیال کرتے ہیں کہ پہلے لیموؤں کے اُن فوائد کو ظاہر کریں جن سے بخار کے عوارضات کو فائدہ ہوتا ہے۔

بخار کے عوارضات

بخار ایک ایسی بیماری ہے جس میں قے، متلی، دست، پیاس وغیرہ عوارضات شامل ہو کر مریض کو بے چین کر دیتے ہیں۔ اگر یہ عوارض شامل نہ ہوں تو مریض بخار کو چنداں تکلیف نہیں ہوتی۔

لیموں بخار کے بہت سے عوارضات کو دور کرنے کے لئے ایک نہایت اعلےٰ شئے ہے۔ چنانچہ اگر ایک عدد یا نصف لیموں کو شیشہ کے گلاس میں نچوڑ کر اس میں مصری اور بہت سا پانی ملا کر مریض کو تھوڑا تھوڑا پلا دیں تو اس سے بفضلہ قے، متلی، پیاس، گھبراہٹ دست وغیرہ سے نجات مل جاتی ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

نکتہ :- بخاروں میں حتی الوسع لیموں کا رس کم اور پانی زیادہ ملانا چاہیئے کیونکہ زیادہ ترشی چنداں مفید نہیں۔ لہٰذا زیادہ پانی شامل کر کے ترشی ہلکی کر لینی چاہیئے ۔

موسمی بخار یہ بخار عموماً نصف جولائی سے لیکر نصف نومبر تک پایا جاتا ہے۔ محکمہ حفظانِ صحت کی پیہم کوششوں کے باوجود بھی لاکھوں جانیں ملیریا کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں

اسباب :- یونانی حکمانے اس بخار کا سبب برسات کی وجہ سے پانی اور ہوا کے خراب ہونے کو بتایا ہے۔ لیکن ڈاکٹر لوگ مچھر کاٹنے کو اس کا سبب قرار دیتے ہیں۔

گو بادی النظر میں دونوں گروہوں کے اقوال میں تفاوت نظر آتا ہے لیکن حقیقت بین نگاہیں پردۂ دوئی کو اٹھا کر دونوں کو ایک ہی بنا لیتی ہیں۔

وبائی دنوں میں دن کو گرمی اور رات کو سردی محسوس ہوا کرتی ہے۔ نیز دو مشہور پرندے معمول سے زیادہ وبائی علاقہ کو چھوڑ کر جہاں کی آب و ہوا صاف ہو وہاں جا رہتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب

علامات :- بخار سخت جاڑے سے چڑھتا ہے علاوہ ازیں مریض کو بیحد گرمی معلوم ہوتی ہے۔ اور بے قراری۔ طحال کا بڑھ جانا۔ معدہ کے آس پاس درد معلوم ہونا بھی اس بخار کی علامتیں ہیں۔ نیز بلغم کی وجہ سے یہ بخار ہر روز۔ صفرا کی وجہ سے تیسرے روز اور سودا کی وجہ سے چوتھے روز دورے سے آیا کرتا ہے۔ یہ بخار ہندوستان میں کثرت سے آیا کرتا ہے۔ اس کا علاج ذیل میں لکھا جاتا ہے :-

علاج :- ڈاکٹروں کی دریافت میں تا حال کوئی چیز کونین کے ہم پلہ نہیں ملی۔ اور اس میں وہ مجبور ہیں کیونکہ انہیں دیگر ادویہ کے تجربات کا چنداں موقعہ ہی نہیں دیا جاتا۔ گو ہمیں بھی کونین کے مفید ہونے میں کلام نہیں لیکن ہمیں انکار ہے تو صرف اس بات سے ہے کہ ایسی اور دوا ہے ہی نہیں۔ چنانچہ ہم نے کونین کے ہم پلہ کئی ادویات اپنی کتاب

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

"کنز المفردات" میں لکھی ہیں۔ یہاں پر لیموں سے تیار ہونے والے چند نسخہ جات پیش کئے جاتے ہیں جو کہ اپنے فوائد میں بفضلہٖ کونین سے کم نہیں اُترتے۔

کارآمد حکیمانہ نکتہ

کاغذی لیموں موسمی بخار کے لئے بڑی لاجواب چیز ہے۔ اگر بخار کے دنوں میں تندرست لوگ استعمال کرتے رہیں بفضلہٖ بخار سے امن میں رہیں گے۔

چونکہ ابتدائے موسم میں ہر ایک چیز گراں داموں فروخت ہوا کرتی ہے۔ اس لئے مالی لوگ اُن کو پختہ ہونے سے پہلے ہی توڑ کر فروخت کرنا شروع کر دیتے ہیں جو سراسر مضر اور نقصان دہ ثابت ہوتے ہیں۔ کیونکہ جہاں پکے ہوئے لیموں بخار اتارنے کیلئے اکسیر الاثر ثابت ہوتے ہیں وہاں کچے لیموں مفید ہونے کے بجائے اُلٹا بخار پیدا کرتے ہیں ــــ لہٰذا ہمیشہ اس بات کا خیال رکھیں کہ کہیں لیموں کچے توڑتے ہوئے نہ ہوں +

۶۲ تپ لرزہ و چوتھیہ کا بہترین نسخہ

ھو الشافی:۔ بخار آنے سے گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر چونا قلعی تین ماشہ کو چینی کے برتن میں ڈال کر اس پہ ایک عدد سالم لیموں کا عرق نچوڑ دیں، جب چونا نیچے بیٹھ جائے تو اوپر کا پانی نتھار کر مریض کو پلا دیں۔ اُمید غالب ہے کہ بفضلہٖ ایک ہی دن میں بخار چھوڑ جائیگا ورنہ ایک دو مرتبہ دوسرے اور تیسرے دن پھر دیں۔ انشاء اللہ بخار نہ ہوگا۔

۶۳ دوسرا نسخہ

ھو الشافی:۔ بخار آنے سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر لیموں کو چیر کر مرچ سیاہ نمک۔ پھٹکری بریاں مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر لیموں کی پھانک پر چھڑک کر مریض کو چوسائیں۔ ایک ٹکڑے پر تینوں چیزیں اندازاً چار چار رتی کی مقدار میں آجانی چاہئیں۔ اسی طرح آدھ گھنٹہ بعد دوسرا ٹکڑا ادویات مذکورہ ڈال کر

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چوسائیں۔ بفضلہ اُسی روز بخار نہ آئے گا ورنہ دوسرے دن اور چوسادیں۔

فوائد:۔ بخار خواہ تیسرے روز آتا ہو یا چوتھے روز یا روزانہ۔ سب کے لئے بہت ہی موثر دوا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔ موسمی بخار کی بایہ ناز دوا ہے۔

لیمونیڈ بنانے کی ترکیب ۶۴

ھوالشافی:۔ پانچ چھ عدد لیموں لیکر ان کا چھلکا اتار کر انکی آڑی قاشیں تراش لیں اور اُن کو کسی چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر سے ایک پینٹ (تیس تولہ ڈیڑھ پاؤ) کھولتا ہوا پانی چھوڑ دیں۔ جب بالکل سرد ہو جائے تو اس میں حسب ضرورت مصری یا کھانڈ ملا دیں بس لیمونیڈ تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ جس قدر بھی مریض کا دل چاہے پیتا رہے۔ موسمی بخار اور دیگر گرمی کے بخاروں کے لئے ایک نہایت خوشگوار چیز ثابت ہوتی ہے۔

فوائد:۔ اس کے استعمال سے بفضلہ قے، دست، گھبراہٹ، پیاس وغیرہ کو آرام ہو کر بخار دور ہو جاتا ہے نہایت لاجواب چیز ہے +

خسرہ چیچک سُرخ بخار ۶۵

ان سب بخاروں کے اندر بھی مذکورہ بالا لیمونیڈ بہت مفید ہے لہذا ایسے مریضوں کو ضرور بنا کر دینا چاہیئے +

بخار کے اکسیر الاثر نسخہ جات

کشتہ ہڑتال گئو دنتی۔ کشتہ ابرک وغیرہ جو لیموں سے تیار ہوتے ہیں بخاروں کیلئے نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی اکسیریں ہیں ان سے تپ لرزہ یعنی جاڑے کا بخار اور تیسرے روز کا بخار۔ گرمی کا بخار۔ پورانا بار یک بخار سب دُور ہو جاتے ہیں اور پھر لطف یہ کہ دوسرے کشتہ جات کی تراکیب کی طرح مشکل سے بننے کی بجائے نہایت آسانی سے تیار ہو جاتے ہیں جو صاحب ان کو بنا کر فیضیاب ہونا چاہیں وہ کتاب کے آخر حصہ میں بیان کشتہ جات میں نسخہ ۹۵ صفحہ ۵۰ ملاحظہ فرما کر تیار کریں +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

جلد کی بیماریاں

ذیل میں ان بیماریوں کا ذکر کیا جاتا ہے جن کا تعلق کسی ایک عضو سے نہیں بلکہ چمڑے سے ہوتا ہے۔ چنانچہ خارش، داد، چنبل، پھوڑا، پھنسی وغیرہ سب جلد کی بیماریوں میں شمار کیئے جاتے ہیں۔ جو عموماً فساد خون کی وجہ سے لاحق ہوتی ہیں۔

چونکہ لیموں کا رس جب ہاضم ہوتا ہے تو بخیال اطبائے جدید پانی اور کاربالک ایسڈ کی شکل میں تبدیل ہو کر خون کے نمکوں (الکلائن) میں کاربونیٹ بنانے کیلئے شامل ہو جاتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اعلےٰ درجہ کا مصفی خون اور دافع امراض جلد مانا گیا ہے۔

خارش

خارش دو قسم کی ہوتی ہے۔ تر و خشک۔ تر خارش میں کھجلانے سے پانی یا خون نکلتا ہے اور خشک خارش میں کچھ نہیں نکلتا۔ یونہی خارش ہوتی رہتی ہے۔

خارش خشک کیلئے مالش

ھو الشافی: لیموں کا پانی دو تولہ۔ روغن چنبیلی پانچ تولہ۔ ہر دو کو کسی چینی کی پیالی میں انگلی وغیرہ سے یہاں تک حل کریں کہ سفید رنگ کی رقیق سی مرہم تیار ہو جائے۔ رات تمام بدن پر مالش کر کے سو رہیں اور صبح عرق لیموں اور بھوسی گندم ملا کر بدن پر مل کر گرم پانی سے نہائیں بفضلہ بہت جلد خارش دور ہو جائے گی۔

دوسرا نسخہ

ھو الشافی: عرق لیموں میں قدرے ملتانی مٹی اور مرچ سیاہ ملا کر تمام بدن مالش کر کے دھوپ میں بٹھائیں اور گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد تازہ پانی سے نہلائیں۔ انشاء اللہ چند روز میں شرطیہ آرام ہو گا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

چنبل کی اکسیری دوا

ھوالشافی :- مغز حب الملوک رجالگوٹہ) چار ماشہ دار چکنا دو ماشہ۔ دونوں کو باریک پیس کر دو عدد لیموؤں کے پانی میں کھرل کر کے چنبل پر لیپ کر دیں۔

فوائد :- اس سے بفضلہ تعالیٰ ایک دن میں چنبل جڑ سے اڑ جاتی ہے۔

نوٹ :- اس دوا سے تھوڑی دیر تکلیف تو ضرور ہو گی لیکن مرض ہمیشہ ہمیشہ کیلئے جاتا رہے گا۔

داد کے تین بہترین نسخے

داد ایک ایسی بیماری ہے جو مشکل سے دور ہوا کرتی ہے۔ عام طور پر جب پسینہ آتا ہے تو داد میں بے حد خارش ہونے لگتی ہے۔ ذیل میں داد کے ازالہ کے لئے تین مجرب نسخہ جات بیان کئے جاتے ہیں جو لیموں سے ہی تیار ہوتے ہیں۔

(۱) مفرد نسخہ

ھوالشافی :- دن میں دو تین مرتبہ داد کو کھجلا کر اس پر عرق لیموں مل دیا کریں۔ اسی طرح لگاتار چند روز تک ملنے سے بفضلہ داد کو آرام ہو جاتا ہے۔

(۲) دوسرا نسخہ

ھوالشافی :- بارود کو کاغذی لیموں کے عرق میں باریک پیس کر داد کی جگہ پر لیپ کر دیں۔

فوائد :- اس سے داد خواہ کتنا ہی دیرینہ کیوں نہ ہو شرطیہ آرام ہو جاتا ہے۔ اور پھر لطف یہ کہ زیادہ روز تک استعمال کرانے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی۔

(۳) تیسرا نسخہ

ھوالشافی :- نوشادر کو عرق لیموں میں پیس کر داد پر لیپ کیا کریں اس سے بفضلہ داد کو آرام ہو گا۔

آتشک کے زخموں کیلئے آسان دوا

آتشک کے زخم بے حد جلتے اور تکلیف دیتے رہتے ہیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ان کو فوری تسکین دینے کے لئے ذیل کا نسخہ بے حد مفید ہے۔ جس سے نہ صرف یہ کہ زخموں کی تکلیف ہی رفع ہو جاتی ہے بلکہ اسکے چند روزہ استعمال سے زخم خشک ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی۔ ہلیلہ سیاہ کو لیموں کے پانی میں گھس کر زخموں پر لیپ کرتے رہیں +

داغ اور چھائیاں

جس شخص کے مُنہ پر چھائیاں یا داغ پڑے ہوئے ہوں تو اس کا چہرہ بہت بدنما معلوم ہونے لگتا ہے۔ اُن کو دُور کرنے کے لئے ذیل میں ایک بالکل آسان نسخہ لکھا جاتا ہے۔ جس کے چند بار کے استعمال کرنے سے بفضلہ داغ بالکل رفع ہو کر چہرہ کی جلد بالکل صاف نکل آتی ہے۔

ھوالشافی:۔ ایک عدد لیموں لے کر اس کے دو ٹکڑے کریں اور ان پر ایک تولہ نوشادر چھڑک کر ہاتھ سے رگڑیں تاکہ وہ نوشادر ان کے اندر جذب ہو جائے۔ پھر اُن کو منہ پر ملیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ تک روزانہ ملنے سے داغ بالکل دُور ہو جاتے ہیں۔ گو اس کی مالش سے چہرہ پر ذرا خارش تو ہوا کرتی ہے۔ لیکن فائدہ ہو جاتا ہے۔

چیچک کے داغ

چیچک کے داغ جب پڑ جاتے ہیں تو بڑی مشکل سے جاتے ہیں۔ بلکہ اکثر لوگوں کا تو یہ خیال ہے کہ جاتے ہی نہیں۔ بہرکیف ان کے مشکل سے جانے میں تو کسی کو کلام ہی نہیں ہے۔ لیکن ہم ان داغوں کو دُور کرنے کے لئے ایک ایسا نسخہ لکھتے ہیں جو لیموں سے تیار ہوتا ہے۔

ھوالشافی:۔ مردار سنگ کو عرق لیموں میں باریک پیس کر چیچک کے داغوں پر لیپ کیا کریں۔ چند بار کے لگانے سے داغ مٹ جاتے ہیں۔

جسم کو پاک صاف کرنے کی بہترین تدبیر

نہانے سے پیشتر گرم پانی میں دو لیموں کا پانی شامل

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کر کے اس پانی سے نہایا کریں تو اس سے جسم کی تمام میل کچیل دُور ہو کر بدن کی بدبو بھی دُور ہو جاتی ہے۔ نیز وہ جراثیم جن کی وجہ سے بیماری پیدا ہوتی ہے ہلاک ہو جاتے ہیں۔ گو دیکھنے میں ایک معمولی سی ترکیب ہے۔ جب دل چاہے تجربہ کر کے دیکھ سکتے ہیں۔

چہرہ کے رنگ کو گورا اور خوبصورت بنانے کی ترکیب

صبح ہاتھ منہ دھونے سے پیشتر لیموں کے دو ٹکڑے کر کے اُن پر صابون مل دیں اور اُنکی چہرہ پہ مالش کر کے گرم پانی سے دھوئیں چند روز میں شرطیہ طور پر تمام داغ دھبے وغیرہ دُور ہو کر چہرہ صاف اور خوبصورت نکل آتا ہے۔

عرق مدنی یعنی ناروا

هو الشافی:۔ لیموں کے ٹکڑے پر نیلا تھوتھا بقدر دو رتی باریک شدہ ڈال گرم کر کے ناروا کے اوپر رکھ کر باندھ دیں۔ اسطرح تین دن باندھنے سے بفضلہ بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ تجربہ المجرب دوا ہے۔

موٹاپا دور کرنے کی دوا

جو انسان حد سے زیادہ موٹا ہو جائے اُسکو بھی زندگی میں کوئی لطف نہیں رہتا بیچارہ بھاگنے دوڑنے بلکہ چلنے پھرنے سے بھی لاچار ہو جاتا ہے۔

هو الشافی:۔ روزانہ دن میں کم از کم تین مرتبہ ایک ایک لیموں بہت سے پانی میں ملا کر پلا دیا کریں نیز اُسے ہدایت کر دیں کہ حتی الوسع صبح کی روٹی دو بجے سے پہلے نہ کھایا کرے اس سے بفضلہ چند یوم میں اس کا بدن ہلکا ہو جاتا ہے۔

زہریلے جانوروں کی نیش کا علاج

چونکہ لیموں میں تریاقیت کا مادہ بھی کمال درجہ کا موجود ہے۔ لہذا زہریلے جانوروں کے

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کاٹنے کے لئے بھی ایک ہمیشہ تریاق کا کام کرتا ہے۔ چنانچہ چند نسخہ جات درج ذیل ہیں :-

سانپ کاٹے کا علاج

نسخہ ۷۹ ھو الشافی : مغز حب الملوک حسب ضرورت لیکر تمام دن رس لیموں میں بھگو رکھیں۔ پھر سات دن رات سایہ میں خشک کریں۔ اس کے بعد کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت سانپ کی کاٹی ہوئی جگہ پر مناسب مقدار میں لیپ کر دیں۔ بفضلہ تمام زہر پانی بن کر خارج ہو جائے گا +

نسوار لینے سے سانپ کا زہر دور

نسخہ ۸۰ ھو الشافی :- تخم دھتورہ پانچ تولہ کو پانچ تولہ لیموں کے پانی میں کھرل کر کے خشک ہونے پر شیشی میں سنبھال رکھیں اور مار گزیدہ کو بطور نسوار سنگھائیں بفضلہ زہر بہت جلد دور ہو گا +

بچھو کے زہر کا تریاق

نسخہ ۸۱ کو اگر بچھو کاٹے کی جگہ پر لگا دیا جائے تو ایک دم ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ اگر یہ تیار نہ ہو تو نوشادر اور رس لیموں دونوں یا محض رس لیموں کے ملنے سے بھی فائدہ ہو جاتا ہے +

بھڑ، تتیا اور مکھی کے زہر کا علاج

نسخہ ۸۲ ھو الشافی :- علی ہذا القیاس بھڑ، مکھی اور تتیے کے کاٹے پر نوشادر اور عرق لیموں یا نمک اور عرق لیموں یا محض عرق لیموں کو اچھی طرح ملنا اور لیموں کی سکنجبین پلانا بفضلہ فوراً تسکین بخشتا ہے۔ علاوہ ازیں مچھر کھٹمل وغیرہ کے کاٹنے پر بھی اگر رس لیموں مل دیا جائے تو ایک منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔

جمالگوٹہ کا تریاق

نسخہ ۸۳ اگر غلطی سے جمالگوٹہ زیادہ مقدار میں کھلایا جائے تو فوراً عرق لیموں ڈھائی تولے سے پانچ تولہ تک بہت سے پانی میں حل کریں اور اس میں مصری بقدر مٹھاس ملا کر گھونٹ گھونٹ کر کے تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلائیں اس سے بفضلہ قے، دست اور بے چینی وغیرہ کی تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

لیموں سے تیار ہونے والے کشتہ جات

کشتہ بنانے سے پہلے دھاتوں کو صاف کر لینا چاہیئے۔ کیونکہ از روئے اصول ویدک کوئی کشتہ دھات کو صاف کئے بغیر نہیں کیا جا سکتا۔ اگر بغیر صاف کئے کشتہ بنا بھی لیا جائے تو وہ اس کو بجائے مفید ہونے کے مضر خیال کرتے ہیں۔ لہذا ذیل میں دھاتوں کو صاف کرنے کی ترکیبیں عرض کی جاتی ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں۔

سونا، چاندی، تانبہ، فولاد یعنی وہ دھاتیں جو مشکل سے آگ پر پگھلتی ہیں اُن کے باریک پترے بنا کر آگ پر سرخ کر کے سات بار تلوں کے تیل میں اور سات بار ہی دہی میں۔ سات بار ترپھلہ کے جوشاندہ یا گئو موتر میں بجھا دیں۔ بس اس طریقہ سے ہر دھات صاف ہو جاتی ہے۔

قلعی، جست، سیسہ کو صاف کرنے کی آسان ترکیب

یہ ہر سہ دھاتیں جو جلد آگ پر پگھل جاتی ہیں ان کو آگ پر ڈال کر پگھلائیں۔ جب پگھل جائے تو سات بار بھی اور سات بار روغن کنجد یعنی میٹھے تیل میں بجھا دیں۔ بس اس طریقہ سے میل وغیرہ دور ہو کر دھات شُدھ (صاف) ہو جاتی ہے۔ پھر اس کو کشتہ بنا کر بلا خطرہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ضروری ہدایت:- جب تک کسی کشتہ میں لطافت پیدا نہ ہو اُسوقت تک قابلِ استعمال نہیں ہوتا۔ لہذا محنت سے نہ گھبرائیں۔ جہانتک ہو سکے نہایت محنت سے تیار کریں۔ تاکہ انگلیوں پر لگانے سے ملائی یا مکھن کی طرح محسوس ہو۔ جسقدر محنت سے بنایا جائیگا اُسیقدر مفید ثابت ہوگا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ جات سونا

چونکہ سونا سب دھاتوں کا سردار ہے اسی واسطے اس کا کشتہ بھی سب کشتوں سے افضل ہے۔ بشرطیکہ کسی اچھی ترکیب سے بنایا گیا ہو۔ جو کشتہ کما حقہ نہ بنایا گیا ہو اور اس میں ابھی خامی باقی ہو تو وہ کسی کام کا نہیں اس سے نقصان کا احتمال ہے۔ بلکہ اُس کشتہ سے تو سونے کے ورقوں کا استعمال بدرجہا بہتر ہے۔ اگر سونے کو پوری کوشش سے کشتہ کر لیا جائے تو اُس میں نقصان کا کچھ بھی اندیشہ نہیں۔

سونے کی لطافت کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ ایک تولہ سونا سے نومیل لمبا تار نکل سکتا ہے۔ طبیعت اس کی معتدل بحرارت ہے۔

کشتہ سونا

جو بیحد مقوی باہ اور تمام کمزوریوں کو دُور کرنے والا ہے۔

ھو الشافی :- ورق طلا یعنی خالص سونے کے ورق ایک تولہ۔ پارہ مصفیٰ ایک تولہ۔ دونوں ادویہ کو چینی یا شیشہ کے یا اور کسی پختہ نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر عرق لیموں ملا ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ پارہ اور سونا باہم مل کر ٹکیہ سی بن جائے۔ بعد ازاں گندھک آملہ سار مصفیٰ دو تولہ باریک پیس کر پیالہ میں ٹکیہ مذکور کے نیچے اور پر دیکر ایک دوسرا پیالہ اس کے اوپر اوندھا مار کر خوب اچھی طرح گلحکمت کریں اور مٹی کے خشک ہو جانے پر تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح چودہ آگ دیں۔ یعنی ہر بار گندھک مصفیٰ اور پارہ نیا شامل کرتے اور عرق لیموں میں کھرل کر کے آگ دیتے جائیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا ملائم کشتہ تیار ہوگا۔ باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک :- دو چاول سے چار چاول تک مکھن یا بالائی ملائی میں رکھ کر کھلا ہر۔

فوائد :- اس سے بفضلہ دنوں میں جسم کے اندر خون صالح پیدا ہو کر چہرہ کندن کی طرح دمکنے لگے گا۔ ہر قسم کی کمزوری دُور ہوگی۔ لاجواب چیز ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ سونا مروارید نمبر ۵

یہ کشتہ ایسا غضب کا مقوی ہے کہ جس کا صحیح اندازہ تو وہی کر سکتا ہے جو اس کو استعمال کر کے دیکھے۔ اس سے اعضائے رئیسہ دل و دماغ و جگر میں بے حد طاقت پیدا ہو کر استعمال کنندہ شخص کو وہ فرحت و سرور حاصل ہوتا ہے گویا نئی جوانی آ گئی +

ھوالشافی:- ورق طلا ایک تولہ۔ پارہ مصفّیٰ ڈیڑھ تولہ۔ اول پارہ کو کھرل میں ڈال کر اس میں ایک ایک ورق شامل کرتے جائیں اور ملاتے جائیں جب تمام ورق مل جائیں تو تین دن رس لیموں میں خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ پھر خالص موتی ان بدھ (مروارید ناسفتہ) دو تولہ شامل کر کے پھر بدستور تین روز تک لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ جب بالکل خشک ہو جائے تو ایک مٹی کے کورے پیالہ میں دو تولہ گندھک پسی ہوئی رکھ کر پیالہ کے اوپر دوسرا پیالہ اوندھا مار کر گلحکمت کریں اور خشک ہونے پر گجپٹ کی آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا +

مقدار خوراک و ترکیب استعمال:- دو چاول سے چار چاول تک باحسب حالات مرض و مریض ایک رتی تک مکھن یا ملائی میں دیں۔

فوائد:- مقوی باہ، مقوی اعضائے رئیسہ، مسمن بدن۔ غرضیکہ ایک سائن ہے جو تمام وجود کی گئی گذری طاقتوں کو واپس لاتی ہے۔ تپدق کے مریضوں کے لئے آب حیات ہے۔

کشتہ طلا مروارید نمبر ۶

ھوالشافی:- پارہ مصفّیٰ دو تولہ کو کھرل میں ڈال کر اس میں ایک ایک ورق سونا شامل کرتے اور ملاتے جائیں یہانتک کہ تین تولہ ورق شامل ہو جائیں اور آپس میں کوئی تمیز باقی نہ رہے پھر مروارید ناسفتہ ایک تولہ شنگرف رومی چھ ماشہ ملا کر آٹھ روز متواتر عرق لیموں سے کھرل کر کے پتلی پتلی ٹکیاں بنا کر خشک کر لیں

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

پھر ان کو مٹی کے دو پیالوں میں بطریق معروف نہایت مضبوطی سے گلحکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں اور خوب باریک پیس کر شیشی میں ڈالیں اور مضبوط کارک لگا کر زمین میں دبا دیں۔ اور ایک سال کے بعد نکالیں۔ کیونکہ یہ کشتہ ایک سال کے بعد قابل استعمال ہوتا ہے۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال:۔ نامرد اور سست مریضوں کو مکھن یا ملائی میں بقدر دو چاول تک استعمال کرائیں۔ تپدق و سل وغیرہ کے مریض کو کسی مناسب خمیرہ یا معجون وغیرہ میں دیں۔ غرضیکہ حکیم مناسب بدرقہ جات سے تقریباً ہر مرض میں استعمال کر کے کامیاب ہو سکتا ہے خصوصاً سنگرہنی، دمہ، مالیخولیا، خفقان وغیرہ جیسے ہٹیلے امراض کے لئے تو از بس اکسیر بے نظیر ہے۔

جوہر طلاء

آپ نے سونے کے کشتہ جات بناتے ہوئے تو بہت لوگ دیکھے اور سنے ہونگے لیکن سونے کو لطیف بنا کر اسکو جوہر کی شکل بناتے ہوئے کسی کو نہ دیکھا ہوگا۔ "ہندوستانی دواخانہ دہلی" میں امیر لوگوں کیلئے جوہر طلا تیار رہتا ہے۔ لیکن آج ہم آپ کی خدمت میں سونے کے جوہر بنانے کی ترکیب بیان کرتے ہیں۔

ھوالشافی:۔ ورق سونا چھ ماشہ پارہ ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ نوشادر اڑھائی تولہ سب کو عرق لیموں میں چار پہر کھرل کر کے خشک کریں۔ اور دو پیالوں میں بند کر کے بدستور معروف جوہر اڑائیں۔ پھر تہ نشین اور جوہر ملا کر عرق لیموں سے چار پہر کھرل کر کے بدستور جوہر اڑائیں۔ یہانتک کہ بار بار اڑنے سے تمام سونا جوہر بن کر اوپر کے پیالہ میں جا لگے۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

ضروری نوٹ:۔ دونوں پیالوں کے لبوں کو گھسکر ایسا ہموار کریں کہ ہوا بھی اندر نہ جا سکے۔ ورنہ جوہر بوجہ حرارت کے اڑ جائیگا اور فضلہ رہ جائیگا۔ آپ کے ہاتھ آئیگی پسائی بھی چار پہر خوب زور دار ہاتھوں سے ہونی چاہیئے۔ ورنہ صرف چار پہر پورا کرنا مفید نہ ہوگا۔ اور محفوظ الہوا جگہ میں جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال:۔ اس کی خوراک دو چاول سے چار چاول تک ہے۔ مناسب

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

حالت مریض و مرض مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

فوائد :- یہ جوہر بفضلہ تعالیٰ خفقان، سل، دق، ضعف باہ وغیرہ کیلئے ایک لاثانی چیز ہے۔ دیکھنے میں بھی بیحد خوشنما معلوم ہوتا ہے، جوہروں کو دیکھتے ہی طبیعت خوش ہوجاتی ہے +

چاندی

چاندی دنیا کے اندر تیسرے درجہ کی دھات شمار ہوتی ہے یعنی اول نمبر پلاٹینم، دوسرے نمبر میں سونا اور تیسرے نمبر میں چاندی ہے۔

مزاج :- چاندی کا مزاج سرد و خشک ہے۔

خواص کشتہ چاندی :- مقوی اعضائے رئیسہ، مقوی بدن، مقوی باہ، منی پیدا کرتا ہے اور پتلی منی کو گاڑھی کرتا ہے، بخاروں کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا اور چہرہ کی رنگت کو نکھارتا ہے۔

کشتہ چاندی

چاندی کا پترہ بنا کر عرق لیموں میں اکیس ۲۱ مرتبہ آگ میں سرخ کرکے بجھا دیں۔ اسکے بعد لیموں کی چھال کا نغدہ بنا کر اس میں پترہ مذکور رکھیں اور دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح چار مرتبہ عمل کریں۔ بس کشتہ تیار ہے۔ باریک پیس کر اور کپڑے میں سے چھان کر شیشی میں سنبھال رکھیں +

ترکیب استعمال :- خوراک ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں۔ پندرہ روز کا استعمال کافی ہے۔

فوائد :- جریان کے لئے خاص دوا ہے۔ علاوہ ازیں امساک و باہ کو بڑھاتا ہے۔

کشتہ چاندی سمی

ھوالشافی :- برادہ نقرہ یعنی چاندی کا برادہ تین ماشہ، سم الفار سفید تین ماشہ۔ آب لیموں سے ایک پہر خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں اور خشک کرکے دو دیلوں میں بند کرکے دونوں کے لب گوبر تازہ سے بند کرکے خشک ہونے پر ڈیڑھ سیر اپلوں میں آگ دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ آگ دیں۔ اعلیٰ کشتہ ہوگا +

ترکیب استعمال و مقدار خوراک :- نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن یا حلوہ میں دیا کریں۔

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.
CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فوائد :- دمہ ، کھانسی ، وجع المفاصل ، عرق النساء اور دیگر تمام بلغمی و ریاحی امراض کے لیے ایک تریاق ہے ۔ ضعف باہ وغیرہ کو اکسیر ہے ۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں ۔

کشتہ چاندی برنگ سیاہ ۹۰

ھو الشافی :- برادہ چاندی خالص ایک تولہ ، ہڑتال ورقیہ ایک تولہ ۔ دونوں کو اڑھائی گھنٹہ تک لیموں کے پانی میں کھرل کریں اور پھر ٹکیہ بنا کر مٹی کے بوتہ میں گلحکمت کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ علی ہذا القیاس پھر نکال کر اڑھائی گھنٹہ آب لیموں میں کھرل کر کے بطریق مذکورہ بالا آگ دیں ۔ تین مرتبہ اسی طرح عمل کرنے سے نہایت لاجواب کشتہ تیار ہوگا ۔ پیس کر سنبھال رکھیں ۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن ملائی یا حلوہ میں دیں ۔

فوائد :- ممسک طبعی اور اعلےٰ درجہ کا مقوی باہ ہے ۔

کشتہ چاندی پارے والا ۹۱

چاندی کا بورا چھ ماشہ کو پختہ کھرل میں ڈال کر دو ماشہ پارہ ملا دیں اور آٹھ گھنٹہ کامل عرق لیموں کاغذی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور خشک ہونے پر کوزہ گلی میں گلحکمت کر کے دو سیر اوپلوں کی آگ دیں ۔ اسی طرح دوسرے دن پھر عرق لیموں سے پورے آٹھ گھنٹہ کھرل کر کے آگ دیں ۔ علی ہذا القیاس سات مرتبہ آگ دینے سے اعلےٰ درجہ کا نہایت عمدہ کشتہ تیار ہوگا ۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- ایک رتی مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر استعمال کرائیں ۔

فوائد :- اس سے بفضلہ جریان کو فائدہ ہو جاتا ہے ۔ قوت باہ بڑھ جاتی ہے ۔ دل کو تقویت پہنچتی ہے ۔

کشتہ روپیہ سالم الحروف ۹۲

ایک روپیہ لیکر اسکو خوب اچھی طرح آگ میں لال سرخ کر کے لیموں کے تازہ پانی میں گیارہ بجھاو دیں ۔ اس کے بعد پاؤ بھر کا نچھل کا عرق لیموں کے ذریعہ نغدہ بنا کر روپے کو اسکے درمیان رکھ دیں اس پر کپڑا

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

لپیٹ کر گلحکمت کریں اور بیس سیر جنگلی اُپلوں میں آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں کشتہ برآمد ہوگا

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- ایک رتی مکھن میں لپیٹ کر کھلایا کریں۔

فوائد :- احتلام و جریان کی اکسیر شفا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے +

کشتہ چاندی کی خفیہ ترکیب ۹۳

(جس کے ساتھ پارہ اور سم الفار بھی شامل ہو کر کشتہ ہو جاتے ہیں)

ھو الشافی :- سم الفار سفید ایک تولہ۔ پارہ مصفیٰ ایک تولہ۔ دونوں کو پچیس ۲۵ عدد لیموں کے پانی میں کھرل کریں اور چاندی کی ڈبیہ ایسی بنوائیں جس کے ہر دو حصہ ایک تولہ کے ہوں۔ اب سم الفار و سیماب کی ٹکیہ کو چاندی کی اُسی ڈبیہ میں بند کر کے اوپر سے چاندی کی تاروں سے باندھ دیں۔ پھر اس ڈبیہ کو گلحکمت کر کے دو بڑے اُپلوں میں رکھ کر پندرہ سیر اُپلوں کی آگ ہوا سے بچا کر دیں۔ آگ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں۔ بفضلہ تینوں چیزیں کشتہ شدہ ملیں گی۔ باریک پیس کر سنبھال رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- صرف دو چاول مکھن چھ تولہ یا حلوہ میں دیا کریں۔

فوائد :- بے حد مقوی باہ۔ دافع آتشک کشتہ ہے لیکن ہمراہ گھی خوب کھانا چاہیئے +

کشتہ تانبہ ۹۴

ھو الشافی :- پونے دو تولہ تانبہ کا باریک پترہ بنائیں اور لیموں کی ترشی ڈال کر سرخ کریں۔ اسکے بعد دس ماشہ پارہ ہاتھ سے مل کر پترہ پر چڑھا دیں پھر اسکو دھوپ اور گرمی سے بچا کر تین دن تک رکھ چھوڑیں پھر پترہ تانبہ کے چاول سے کتر لیں۔ ہڑتال اور شنگرف بیس بیس ماشہ لیکر عرق لیموں سے پیس کر اس میں تانبہ کے چاول سے ملا کر کوزہ میں ڈالیں اور اس پر قدرے عرق لیموں اور داخل کر کے کوزہ کو اچھی طرح گلحکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں کشتہ تیار ہوگا پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک :- ایک رتی ... فوائد ... ممسک ہے۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ چاندی و تانبہ مرکب ۹۵

برادہ چاندی چھ ماشہ۔ برادہ تانبہ چھ ماشہ۔ دونوں کو پختہ کھرل میں ڈال کر عرق ملا ملا کر خوب زور سے کھرل کریں۔ جب آدھ سیر عرق لیموں بذریعہ کھرل جذب ہو جائے تو اس کی ٹکیہ بنا کر کوزہ میں بند کر کے بیس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا جگہ میں آگ دیں۔ اُمید ہے کہ ایک ہی آنچ میں کشتہ ہو گا۔ ورنہ ایک روز عرق لیموں سے کھرل کر کے آگ دیں اور سرد ہونے پر نکالیں۔ لاجواب کشتہ برآمد ہو گا۔

خوراک:۔ دو چاول سے ایک رتی تک مکھن، ملائی حلوہ یا منقی وغیرہ میں حسب حالات مرض و مریض کھلایا کریں۔ دوران استعمال کشتہ میں گھی دودھ خوب کھلائیں۔ سب ہضم ہوتا ہے +

فوائد:۔ دمہ کھانسی گنٹھیا کیلئے اکسیر سستی نامردی، جریان احتلام وغیرہ کیلئے بسائن ہے +

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل کشتہ ہم ایک سنیاسی صاحب کے قلمی بیاض سے لیکر نقل کر رہے ہیں جن کے بہت سے مجرب المجرب نسخہ جات کتاب کنز المجربات حصہ دوم میں لکھے گئے ہیں۔

کشتہ فولاد اصلی ۹۶

ھوالشافی:۔ برادہ فولا د جوہر دار اکیتولہ طوطیا سبز ایک تولہ پارہ مصفی اکیتولہ تینوں کو کسی پختہ نا گھسنے والے کھرل میں عرق لیموں ڈال کر کھرل کرتے رہیں یہانتک کہ پورے ساڑھے تین ۳½ سو لیموں کا پانی بذریعہ کھرل ہی جذب ہو جائے۔ اسکے بعد ترپھلہ کے جوشاندہ میں جو کہ جوش دینے کے بعد ساتواں حصہ باقی رہ گیا ہو سات روز کھرل کریں۔ اسی طرح ہلدی خام کے پانی یا ہلدی کے جوشاندہ میں سات روز کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور خشک ہونے پر کپڑے کی پوٹلی میں رکھ کر سات مرتبہ یکے بعد دیگرے گلحکمت کریں۔ لیکن ہر گلحکمت کیے خشک ہونے پر دوسری کیا کریں۔ ازاں بعد گجپٹ کی آگ ہوا سے بچا کر دیں۔ اور بالکل سرد ہونے پر نکالیں۔ یہ کشتہ بعینہٖ سونے کے ہمرنگ سُرخ اور چمکتا ہوا برآمد ہو گا۔ باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال:۔ ایک رتی مکھن (اڑھائی تولہ سے پانچ تولہ تک) میں کھلائیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

فوائد :- مقوی باہ، مقوی جگر، رسائن بدن۔ دافع جریان وسیلان الرحم اور بھوک لگانیوالا اکسیری کشتہ ہے۔

ازحد ضروری نوٹ :- جن دھاتوں کو کشتہ کرنے کیلئے عرق لیموں سے کھرل کیا جائے اُن میں عرق کو مقطر کر کے ڈالیں۔ ایسا نہ کریں کہ لیموں کو ہی کھرل میں نچوڑتے جائیں یا نچوڑ کر فوراً ہی ڈالتے اور کھرل کرتے رہیں ایسا کرنے سے لیموں کا بہت سا فضلہ کشتہ جات میں شامل ہو جائیگا۔ اس سے ایک تو کشتہ کا وزن بڑھ جاتا ہے۔ دوسرے کشتہ اپنے خواص و فوائد میں کماحقہ یکتا و لاجواب نہیں رہتا۔ خوب یاد رکھیں۔

کشتہ فولاد نوشادری

نسخہ ۹۷

ھوالشافی :- برادہ فولاد پانچ تولہ۔ نوشادر سوا تولہ۔ دونوں کو پختہ کھرل میں ڈال کر عرق لیموں کی آمیزش سے تمام دن کھرل کریں اور شام کو ٹکیہ بنا کر ہانڈی میں گلِ حکمت کر کے گجپٹ کی آگ دیں۔ اسی طرح دوسرے روز نکال کر سوا تولہ نوشادر شامل کر کے تمام دن عرق لیموں تا نانش سے کھرل کریں اور بدستور مذکور آگ دیں۔ اسی طرح اکیس مرتبہ آگ دینے سے بفضلہ تعالیٰ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

نہایت باریک پیس کر شیشی میں سنبھال رکھیں۔

خوراک و ترکیب استعمال :- ضعف جگر، یرقان، ہبس، کمی خون، استسقا کیلئے ایک رتی چھاچھ یا دہی کے ہمراہ دیا کریں۔ بفضلہ شرطیہ طور پر آرام ہوگا۔ جریان ضعف باہ ضعف معدہ وغیرہ کیلئے بہت مفید چیز ہے۔

کشتہ ہڑتال ورقی

دنیا بھٹکتی پھرتی ہے کہ ہڑتال ورقیہ کا باوزن برنگ سفید کشتہ کرنیکی ترکیب کہیں سے ہاتھ لگے مگر ایسی تراکیب بہت کم ملتی ہیں۔

ایک ایسی ترکیب بلا کم و کاست ہم درج کرتے ہیں۔ بنائیں اور فائدہ اٹھائیں :-

ھوالحکیم :- پوست بیضہ مرغ جو اندرونی پردہ سے صاف کیا گیا ہو۔ پاؤ بھر لیکر اس کو لیموں کے پانی میں اس حد تک کھرل کریں کہ باریک ہو کر نغدہ سا بن جائے۔ اب اس کے درمیان پانچ تولہ ہڑتال کی ڈلی رکھ کر خوب مضبوطی سے گلِ حکمت کریں اور اینٹ پکانیوالی بھٹی میں رکھ کر آگ دیں۔ کشتہ نکل سفید کھیل کھیل اور باوزن نکلے گی۔ باریک پیس کر سنبھال رکھیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر مریض کو کھائیں۔

فوائد :- یہ ایک ایسی سنیاسیانہ اکسیری دوا ہے جو ہر مرض کیلئے آبحیات کا حکم رکھتی ہے۔

۹۹ صلابیہ سم الفار (اکسیر گنٹھیا)

بعض سمی زہریلی ادویہ کو کشتہ بنانے کی بجائے بعض مصلح چیزوں میں مدت تک پیسنے سے ہی کشتہ کا کام لیا جاتا ہے اس کو صلابیہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ چنانچہ ذیل میں ہم سم الفار کا صلابیہ بیان کرتے ہیں جس کو بلاجھجک استعمال کر کے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

ھوالشافی:- سم الفار سفید چھ ماشہ۔ کٹائی کے پھل اگر بڑے بڑے ہوں تو دو عدد اور چھوٹے ہوں تو چار عدد۔ دونوں ادویات کو دو روز تک عرق لیموں میں خوب زور دار ہاتھوں سے کھرل کر کے باجرہ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں اور دھوپ میں خشک کر کے شیشی میں ڈال رکھیں +

طریق استعمال :- ایک گولی روزانہ کھلا کر اوپر سے پانچ تولہ تازہ گائے کا گھی پلا دیا کریں۔

فوائد:- بفضلہ ایک ہفتہ میں خواہ مریض جفت شدہ کیوں نہ ہو کھل جاتا ہو علاوہ ازیں مقوی باہ و ممسک بے حد ہیں۔ بلغمی امراض میں خصوصیت سے مفید ہیں۔ نزلہ دائمی کیلئے اکسیر۔

۱۰۰ کشتہ ابرک سیاہ

ھوالشافی:- ابرک سیاہ پانچ تولہ کو کوٹ کر چینی کے پیالہ میں ڈالیں اور اتنا عرق لیموں پاؤ بھر ڈال کر پیالہ کو ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دیں اور اسی طرح آٹھ روز رکھا رہنے دیں۔ اس کے بعد ڈیڑھ تولہ پارہ ملا کر خوب گھوٹیں پھر ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ بیس سیر اوپلوں میں آگ دیں۔ لاجواب کشتہ تیار ہوگا۔

خوراک۔ صرف ایک رتی مناسب بدرقہ سے استعمال کرائیں۔

فوائد:- بخار ہر قسم۔ جریان ضعف باہ کمی خون وغیرہ کو دور کرنے میں لاجواب شے ہے۔

نوٹ:- اگر پارہ نہ ملائیں اور ویسے ہی عرق لیموں میں گھوٹ کر آگ دیں تو صرف بخار کو ہی مفید رہے گا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

کشتہ سنکھ (حلزون) ۱۰۱

سنکھ پانچتولہ کو کوزہ میں ڈال کر اس پر ڈیڑھ پاؤ عرق لیموں ڈالیں۔ اور گلحکمت کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ شگفتہ برآمد ہوگا

خوراک:۔ چار رتی سے ایک ماشہ تک چھاچھ یا شربت انجبار یا چاولوں کے دھوون سے دیں۔

فوائد:۔ دست بسنگرہنی اور سانپ کے کاٹے کو بہت مفید ہے۔ بخاروں میں کونین سے بڑھ کر ہے۔

کشتہ مرجان (بغیر آگ) ۱۰۲

ھوالشافی:۔ شاخ مرجان پانچتولہ کو جوکوب (ادھ کوٹا) سا کر کے چینی یا شیشہ کے برتن میں ڈالکر اوپر عرق لیموں اس قدر ڈالیں کہ دو تین انگل اوپر تک ہو جائے۔ جب خشک ہونے کے قریب ہو تو اور عرق ڈال دیا کریں اور پیالی کو ململ کے کپڑے سے ڈھانپ کر دھوپ میں رکھ دیں۔ عموماً گرمی کی موسم میں سات آٹھ دن میں برنگ سفید ہو کر کشتہ برآمد ہوگا۔ باریک پیس کر شیشی میں حفاظت سے سنبھال رکھیں۔

استعمال:۔ بطور سرمہ آنکھوں میں ڈالا کریں۔ دھند جالا۔ رتوندھا۔ پانی جانا وغیرہ کے لئے بیحد مفید ہے۔

نکتہ:۔ اگر اس کشتہ کو پانی سے دھو کر رکھیں اور بہت احتیاط سے پانی تتار کر پھینکدیں۔ تاکہ ترشی نکل جائے۔ اب یہ کشتہ خوراکی ہو گیا۔ خوراک صرف چار رتی مکھن میں۔ فوائد دل کی دھڑکن۔ سرعت انزال جریان وغیرہ کو از حد مفید ہے۔

کشتہ قشر بیضہ مرغ (انڈوں کے چھلکے) ۱۰۳

ھوالشافی:۔ پوست بیضہ مرغ وہ لیں جن میں سے بچے نکلے ہوں حسب ضرورت لیکر عرق لیموں میں دو دن تر کریں۔ پھر اندر کی باریک جھلی دور کر کے پوست کو عرق لیموں میں اس حد تک کھرل کریں کہ وہ بالکل باریک ہو جائیں پھر خشک کر کے مٹی کے بڑے کوزہ میں بند کر کے گلحکمت کریں اور کوزہ گردن کمہاروں کی بھٹی میں آگ دیں۔ بس کشتہ تیار ہے

خوراک:۔ ایک رتی سے چار رتی تک ہمراہ دودھ یا مکھن۔ فوائد۔ جریان و سیلان الرحم کو مفید ہے۔

کشتہ صدف مرواریدی ۱۰۴

صدف مرواریدی ایکتولہ کو پانچتولہ لیموں کے پانی میں ڈال کر اور کوزہ میں گلحکمت کر کے چار سیر اپلوں کی آگ دیں [illegible] کشتہ تیار ہوگا۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

خوراک :- ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ مکھن + فوائد- جریان ضعف دماغ کیلئے بہت ہی مفید دوا ہے

۱۰۵ کشتہ مروارید (موتی)

ھو الشافی :- مروارید ناسفتہ ایک تولہ کو لیموں کے پانچ تولہ پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں اور مٹی کے کوزہ میں گلحکمت کر کے محض سیر بھر اوپلوں کی آگ دیں۔ بفضلہ تعالیٰ چونہ کی مانند سفید شگفتہ کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال :- ایک رتی کشتہ خمیرہ گاؤزبان یا مکھن وغیرہ میں دیا کریں۔

فوائد : خفقان، ضعفِ قلب، ضعفِ جگر و ضعفِ معدہ کو دور کرنے کی خاص دوا ہے۔

۱۰۶ موتی کا کشتہ (بطریق دیگر)

مروارید ایک تولہ کو چینی کے برتن میں ڈال کر اس میں پانچ تولہ کاغذی لیموں کا پانی داخل کر کے دھوپ میں رکھیں ایک ہفتہ میں بفضلہ چونہ کی طرح گھُل جائیگا۔ اگر کچھ بھی باقی ہو تو چند روز دھوپ میں اور پڑا رہنے دیں + خوراک ایک رتی۔

فوائد :- یہ کشتہ بھی خفقان۔ دل کی کمزوری۔ ضعفِ جگر و معدہ وغیرہ میں بے حد مفید ہے۔

نوٹ :- اگر موسم برسات وغیرہ کسی وجہ سے کشتہ خشک ہو تو کوزہ میں بند کر کے آگ دیں۔ کوئی حرج نہیں۔

۱۰۷ مروارید سیّال

(یعنی موتیوں کو پانی کی شکل میں تبدیل کرنے کی لاجواب تدبیر)

ھو الشافی :- موتی سچے ایک ماشہ کو کھرل میں ڈال عرق لیموں ملا کر کھرل کریں اور عرق لیموں صرف اسقدر ڈالیں کہ موتی بالکل حل ہو جائیں (اندازاً ایک تولہ عرق لیموں کافی ہوگا) بس تیار ہے۔ اسکو فلٹر پیپر یا موٹے کپڑے میں سے چھان کر شیشی میں بند کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال :- خوراک دو بوند سے پانچ بوند تک عرق گاؤزبان میں ملا کر پلائیں۔

فوائد :- بے حد مقوی دل و دماغ ہے حلق سے اترتے ہی بہت جلد خون میں شامل ہو کر اپنا کام شروع کر دیتا ہے۔ خفقان، دل دھڑکنا، جنون، ضعفِ باہ، ضعفِ دماغ کے لئے بے حد مفید ہے۔ بڑے بڑے دواخانے "مروارید سیّال" کے نام سے فروخت کر رہے ہیں +

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

تین لاثانی تحائف

نہ آگ کی زحمت ——— نہ پسائی کی مصیبت ——— فوائد میں یکتا

(۱) کشتہ جست ۱۰۸

ھوالشافی:- برادہ جست دو تولہ لیکر چینی کی پیالی میں ڈالیں۔ ایک لیموں بوقت صبح اور ایک تیسرے پہر اس میں نچوڑ دیا کریں اور دن میں ایک دو مرتبہ کانچ کی سیخ سے ہلا دیا کریں۔ تقریباً سات روز میں پھول پھول کر سفید براق کشتہ ہو جائے گا۔ کپڑے میں سے چھان کر حفاظت سے شیشی میں بند رکھیں۔

فوائد:- یہ کشتہ آنکھوں کی بہت سی بیماریوں کے لئے لاجواب دوا ہے۔ خصوصاً بچوں کے دُکھنے (ککرے)، رمد چشم کیلئے تو بہت ہی مفید ہے۔ نیز سرمہ سیاہ میں شامل کر لینے سے مقوی بصر کا کام دیتا ہے۔ اور کچھ مدت کے استعمال سے بینائی تیز ہو کر عینک کی ضرورت ہی نہیں رہتی

(۲) کشتہ ابرک ۱۰۹

ابرک سیاہ حسب ضرورت لے کر کٹھالی وغیرہ میں رکھ کر آگ میں سُرخ کر کے لیموں کے پانی میں سات بار بجھا دیں۔ سات بار بجھا دینے سے گُل کر دگداز ہو کر آٹا سا ہو جائیگا۔ پھر اس کو کھرل میں لیموں کے پانی سے چھ گھنٹہ کھرل کریں بس اسی طرح چھ گھنٹہ روزانہ کی زور دار پسائی سے بے چمک کشتہ تیار ہو گا خشک کر کے شیشی میں رکھیں خوراک ایک رتی مکھن میں۔ فوائد تمام پرانے بخاروں بلکہ سل و دق کو اڑا کر رکھ دیتا ہے۔ آزما کر دیکھ لیں۔

(۳) شنگرف مومیا ۱۱۰

شنگرف رومی تین تولہ کو نیبو (لیموں) کے رس میں یہاں تک کھرل کریں کہ ایک بوتل اندازاً تین پاؤ عرق لیموں جذب ہو جائے۔ پھر اسکو کھلے منہ کی شیشی کے اندر رکھ چھوڑیں ٹکڑے ٹکڑے مومیا ہو جائے گی بلکہ تیل ہو جائیگی۔ حسب موقعہ کام لیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

ایک زبردست راز کا انکشاف۔ ایک اے تھ دو کاج

شنگرف سے پارہ نکالنا

(جس سے سونا چاندی۔ تانبہ۔ فولاد وغیرہ کا کشتہ بھی ہوجاتا ہے)

یہ ایسا اعلیٰ درجہ کا اسراری طریقہ ہے جس سے بعض بعض وید ہی واقف ہیں۔ اِس طریقہ سے جہ باسانی شنگرف سے پارہ نکالا جا سک ہے وہاں مفت میں سونا، چاندی۔ فولاد۔ تانبہ وغیرہ کا کشتہ بھی کیا جاسکتا ہے۔ ترکیب یہ ہے شنگرف رومی بیس تولہ۔ سونا یا چاندی۔ فولاد وغیرہ پانچ تولہ کے ناخن کی طرح کے ٹکڑے بنا کر جو نہایت ہی باریک ہوں) دونوں کو ملا کر باریک پیسیں، اور پھر اس میں رس لیموں ڈال کر تو چھ گھنٹہ تک کھرل کریں یہانتک کہ خشک ہوجائے پھر ایک کوری ہانڈی میں رکھیں او اُس پر دوسری ہانڈی اوندھی رکھ کر اُنکے لب اچھی طرح ملادیں۔ پھر اُنکے اوپر روئی ملی ہوئی چکنی مٹ لگا کر اچھی طرح سنپٹ (گلحکمت) کریں۔ خشک ہوجانے پر چولھے پر رکھ کر نیچے تین پہر تک تیز آگ جلائیں اور اوپر کی ہانڈی کے پیندے پر کھدر کے کپڑے کی چند تہیں بنائیں اور پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ جب کپڑا خشک ہونے لگے تو تر کردیا کریں۔ اسی طرح بار بار تر کرتے رہیں جب آگ تین پہر جل چکے تو بند کردیں۔ اور سرد ہونے پر دونو ہانڈیوں کے لبوں کو علیحدہ کریں۔ اوپ کی ہانڈی سے پارہ اور نیچے والی سے دھات کا کشتہ نکال لیں۔ نہایت لاجواب تدبیر ہے

یہ پارہ بالکل بے عیب اور صاف ہے۔ جہاں چاہیں استعمال کریں +

اگر شنگرف عمدہ اور عمل احتیاط سے کیا جائے تو پاؤ بھر شنگرف سے سترہ تولہ پارہ نکل آتا ہے +

نوٹ: گو مندرجہ بالا ترکیب سے دھاتوں کا کشتہ تو ہوجاتا ہے لیکن قابل استعمال بنانے کے لئے پانچ سات بار گھیکوار کے پانی میں کھرل کرتے اور آگ دیتے جائیں تاکہ اعلےٰ کشتہ بن جائے ——— مناسب موقعہ و محل دیکھکر استعمال کرائیں۔

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

۱۱۲ زہر پارہ، رسکپور، دار چکنا وغیرہ کا بیش بہا تریاق

بعض اوقات حکیم کی غلطی یا دشمنی سے اگر کوئی شخص رسکپور، دار چکنا یا پارہ وغیرہ کھا جائے اور اُس سے تمام جسم میں زہر پھیل کر جوڑوں کے درد یا ہلکے ہلکے بخار یا بدن کے ورم کا باعث ہو رہی ہو تو ایسے موقعہ پر ایسی ادویات بہت کم ملتی ہیں جو مریض کی جان عذاب سے چھڑا دیں۔ لیکن شافی مطلق نے لیموں کو ان سب زہروں کا تریاق بنایا ہے۔ آؤ ہم آپکو اس کی ترکیب بتائیں ہوالشافی۔ لیموں پختہ دو عدد لیکر ان کے چار ٹکڑے بنائیں اور گائے کا تازہ دودھ ایک سیر کو چار پیالیوں میں ڈال کر ایک ایک ٹکڑا نمبر وار یکے بعد دیگرے پانچ سات منٹ کے وقفہ سے نچوڑ کر فوراً ہی پلا دیں تاکہ دودھ پھٹنے نہ پائے۔ اسی طریق پر روزانہ صبح کے وقت پندرہ بیس روز تک متواتر استعمال کرائیں۔

فوائد۔ اس سے روزانہ مریض کو ایک دو اسہال آکر روز بروز بتدریج صحت ہوتی جائے گی۔ اور طبیعت کی پژمردگی وافسردگی رفع ہو کر بشاشت آتی جائے گی۔ کمزوری دُور ہو کر بدن میں چستی وتوانائی پیدا ہو جائیگی۔ نہایت ردی حالت کے مریض بھی اس سے بفضلہ بہت جلد شفایاب ہو جاتے ہیں۔ نہایت اعلےٰ۔ مجرب اور زود اثر تریاقی نسخہ ہے +

۱۱۳ اچار لیموں

ثابت لیموں کو پہلے کسی کھردری چیز پر خوب رگڑ دیں پھر چاقو یا موٹی سُوئی سے انہیں گود دیں اور اُتنے ہی لیموں کو چیر کر ان کا عرق اچاری لیموں میں ڈالیں۔ نمک مرچ مصالحہ وغیرہ شامل کر کے دھوپ میں رکھیں بیس دِن کے بعد استعمال کریں۔

اختلافات۔ بعض لوگ عرق لیموں کی بجائے تیل ڈالتے ہیں، بعض پانی میں اچار ڈالتے ہیں اور بعض لیموں کو چیر کر دو ٹکڑے کر لیتے ہیں جس طرح مناسب سمجھیں بنائیں۔ بہت ہی مفید اور کام کی چیز ہے +

تمام شد

تمت عبد الواحد

قسم الکتب بعنوان الوقف

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



ملنے کا پتہ: دفتر الکتب سلیمانی۔ وڑی ضلع حصار

CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE

Digitized by eGangotri and Sarayu Trust.



CC-0. In Public Domain. Funding by IKS-MoE